# اسرائیل کو تاریخ کی سب سے بڑی آگ کا سامنا

## شدید گرمی کی وجہ سے لگنے والی آگ پر قابو پانے کے لیے بین الاقوامی امداد کی درخواست، مرکزی شاہراہ کو بھی بند کیا گیا

یروشلم۔(یو این آئی) اسرائیل میں مقبوضہ بیت المقدس کے قریب جنگلات میں خوفناک آگ بھڑک اٹھی، جسے دہائی کی سب سے بڑی آگ قرار دیا جا رہا ہے، آتشزدگی کے نتیجے میں کم از کم 23 افراد زخمی ہو گئے جبکہ مقبوضہ بیت المقدس اور تل ابیب کے درمیان شاہراہ کو بند کر دیا گیا، صیہونی حکومت نے آگ پر قابو پانے کے لیے عالمی برادری سے مدد مانگ لی۔ ترک نشریاتی ادارے 'اناڈولو' کی رپورٹ کے مطابق تل ابیب نے بدھ کو شدید گرمی کی وجہ سے لگنے والی آگ پر قابو پانے کے لیے بین الاقوامی امداد کی درخواست کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیلی حکام نے وسطی اسرائیل کے کئی قصبوں کو خالی کرا لیا ہے اور ایک اہم شاہراہ کو بند کر دیا ہے۔ اسرائیل کے 'چینل 12' کے مطابق یہ آگ اب 2010 میں کارمل جنگل میں لگنے والی تباہ کن آگ کے پیمانے سے تجاوز کر گئی ہے، اور سرکاری نشریاتی ادارے 'کے اے این' کی رپورٹ کے مطابق کم از کم 20 افراد زخمی ہوئے ہیں، جن میں سے زیادہ تر دھوئیں سے سانس لینے کی وجہ سے متاثر ہوئے ہیں۔ کے اے این نے مزید کہا کہ مقبوضہ بیت المقدس کے قریب آصف ہارون ہسپتال نے تصدیق کی ہے کہ 10 افراد کو علاج کے لیے لایا گیا ہے۔ اس سے قبل اسرائیلی روزنامہ 'یدیوت احرونوت' نے کہا تھا کہ آگ لگنے سے 12 افراد زخمی ہوئے ہیں، فائر اینڈ ریسکیو سروس کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ نیوہ شالوم، بیکوعہ، تاؤز، ناخشون اور میسلات تزیون کی آبادیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا ہے۔



بڑھتے ہوئے درجہ حرارت اور تیز ہواؤں کی وجہ سے متعدد علاقوں میں بھڑکنے والی آگ کی وجہ سے لوگوں کو نکالنے کا عمل شروع ہوا جبکہ فائر بریگیڈ کی 111 ٹیموں اور 11 طیاروں نے آگ بجھانے کی کوششوں میں حصہ لیا۔ کے اے این نے مقبوضہ بیت المقدس اور تل ابیب کے درمیان ایشتول جنگلات کے علاقے میں بھی آگ لگنے کی اطلاع دی، حکام نے جنگل کی آگ کی وجہ سے مزید آبادیوں کے ممکنہ انخلا کے لیے ہدایات جاری کی ہیں۔ فائر اینڈ ریسکیو سروس نے آگ کی وجہ سے انتباہ کو بلند ترین سطح پر پہنچا دیا ہے اور مقبوضہ بیت المقدس اور تل ابیب کے درمیان لگنے والی آگ پر قابو پانے کے لیے بین الاقوامی مدد طلب کر لی ہے، حکام نے احتیاط کے طور پر دونوں شہروں کو ملانے والی مرکزی شاہراہ کو بھی بند کر دیا۔

اسرائیل نے یونان، کروشیا، اٹلی اور یونانی قبرصی انتظامیہ سے آگ بجھانے میں مدد کی درخواست کی ہے، 'چینل 7' نے خبر دی ہے کہ اگر ضروری ہو تو فضائیہ کے اڈے غیر ملکی فوجوں کے فائر فائٹنگ طیاروں کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے تیار ہیں۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق وزیر خارجہ گیدون سار نے آگ بجھانے کی کوششوں میں مدد کے لیے عالمی برادری سے رابطے شروع کر دیے ہیں۔ وزیر خارجہ کے دفتر سے جاری بیان کے مطابق گیدون سار نے برطانیہ، فرانس، چیک ری پبلک، سویڈن، ارجنٹائن، اسپین، شمالی مقدونیا اور آذربائیجان کے وزرائے خارجہ سے رابطے کیے ہیں۔ وزیر اعظم آفس، وزارت قومی سلامتی، وزارت خارجہ نے اس سے قبل اعلان کیا تھا کہ اسرائیل نے باضابطہ طور پر یونان، قبرص، کروشیا، اٹلی اور بلغاریہ سے آگ پر قابو پانے میں مدد کی درخواست کی تھی۔ اسرائیلی اخبار 'ہیوم' کی رپورٹ کے مطابق آگ لگنے کی وجہ سے جنوب میں اشدود اور اشکلون کے درمیان ٹرین سروس معطل کر دی گئی ہے جس کی وجہ سے مسافروں کو جہاز سے اترنا پڑا ہے۔ دریں اثنا اسرائیلی وزیر ٹرانسپورٹ میری ریگیو نے متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کی ہیں کہ اگر ملک کے بجلی کے گرڈ کو جنگل کی آگ سے نقصان پہنچتا ہے تو ڈیزل سے چلنے والی ٹرینوں کو تعیناتی کے لیے تیار رکھا جائے۔ مقبوضہ بیت المقدس کے ڈسٹرکٹ فائر اینڈ ریسکیو کمانڈر شملک فریڈمین کا کہنا ہے کہ یہ جنگلات کی آگ اسرائیل کی تاریخ کی سب سے بڑی آگ ہو سکتی ہے۔ وزیر دفاع اسرائیل کاٹز نے ملک بھر میں 'ہنگامی حالت' کا اعلان کرتے ہوئے فوج کو مقبوضہ بیت المقدس کے پہاڑی علاقے میں فائر فائٹرز کی مدد کرنے کا حکم دیا ہے۔ چینل 12 کا کہنا ہے کہ اسرائیل نے جنگل کی آگ کی وجہ سے تمام طے شدہ 'یوم آزادی' کی تقریبات منسوخ کر دی ہیں۔ گزشتہ ہفتے اسرائیلی ریسکیو حکام نے بڑھتے ہوئے درجہ حرارت اور تیز ہواؤں کی وجہ سے بڑے پیمانے پر جنگلات میں لگی آگ کے درمیان وسطی اسرائیل کے متعدد قصبوں سے رہائشیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا تھا، جس میں 10 ہزار دونم (2 ہزار 500 ایکڑ) تباہ اور 9 افراد زخمی ہوئے تھے۔

# غزہ میں 6 ہفتوں کے دوران اسرائیلی دہشت گردی میں 600 بچوں سمیت 2308 فلسطینی شہید



غزہ۔(یو این آئی) غزہ میں 6 ہفتوں کے دوران اسرائیلی دہشت گردی کے نتیجے میں 600 بچوں سمیت 2308 فلسطینی شہید اور 5 ہزار 973 زخمی ہو گئے، آج صبح سے جاری اسرائیلی درندگی کے نتیجے میں مزید 14 فلسطینی شہید ہو گئے۔ مڈل ایسٹ آئی نے غزہ کی وزارت صحت کے حوالے سے بتایا ہے کہ 18 مارچ کو اسرائیل کی جانب سے جنگ بندی کی خلاف ورزی کے بعد سے اب تک اسرائیلی حملوں میں 2308 افراد ہلاک اور 5973 افراد زخمی ہو چکے ہیں۔ فلسطینی مرکز برائے انسانی حقوق کا کہنا ہے کہ ہلاک ہونے والوں میں 595 بچے اور 308 خواتین شامل ہیں۔ الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق غزہ کی پٹی میں آج علی الصبح سے اب تک اسرائیل کے ہاتھوں کم از کم 14 فلسطینی شہید ہو چکے ہیں۔ اقوام متحدہ کے دفتر برائے رابطہ برائے انسانی امور (اوسی ایچ اے) نے کہا ہے کہ اسرائیل کی جانب سے جاری ناکہ بندی اور سرحدی گزرگاہوں کی بندش کی وجہ سے مارچ کے مقابلے میں اپریل میں غزہ میں غذائی قلت کا علاج کروانے والے بچوں کی تعداد میں 80 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ اوسی ایچ اے نے رپورٹ کیا ہے کہ 6 ماہ سے 2 سال تک کی عمر کے 92 فیصد بچوں اور ان کی ماؤں کو کم از کم مطلوبہ غذائیت نہیں مل رہی ہے اور غزہ کی 65 فیصد آبادی کو پینے کے صاف پانی تک رسائی حاصل نہیں ہے۔ غزہ سٹی سے الجزیرہ کے نمائندے ہانی محمود نے خبر دی ہے کہ جاری اسرائیلی حملوں کی وجہ سے امداد کی قلت بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگ ان علاقوں میں گوداموں میں موجود امداد تک نہیں پہنچ سکتے جہاں اسرائیلی فوج جارحانہ انداز میں کام کر رہی ہے، اور کھانا ضائع ہو رہا ہے۔ ہانی محمود نے اقوام متحدہ کے اس بیان کا حوالہ دیا جس میں کہا گیا تھا کہ سرحد کے دوسری جانب انتہائی ضروری امداد اور بقا کی اشیا سے بھرے 3 ہزار ٹرک پھنسے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 10 لاکھ بچوں کا اس امداد پر انحصار ہے، اس کے بغیر ہم مکمل قحط کے دہانے پر کھڑے ہیں۔

## اسرائیل اور فلسطین کے درمیان دو ریاستی حل کو نہ بھولیں: انتونیو گوتریس

اقوام متحدہ۔(یو این آئی) اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے کئی ممالک کو فون کر کے انہیں یاد دلایا ہے کہ اسرائیل اور فلسطین کے درمیان دو ریاستی حل کو بھول نہیں جانا چاہیے۔ اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر دی گئی اطلاع کے مطابق انہوں نے کہا ہے کہ دنیا فلسطین اور اسرائیل کے درمیان دو ریاستی حل کو غائب ہوتے دیکھنے کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ اس حوالے سے انہوں نے مزید آگاہ کیا میں نے اقوام متحدہ کے رکن دنیا کے کئی ممالک کے سربراہان مملکت و حکومت کو کال کر کے کہا ہے کہ وہ دو ریاستی حل کو نافذ کرنے کے لیے ناقابل واپسی اقدام کریں۔ انتونیو گوتریس نے کئی سربراہان مملکت و حکومت سے کہا کہ کسی بھی طرف کے انتہاپسندوں سے امن کی باقیات کو کمزور نہ ہونے دیں۔

## روس-یوکرین مذاکرات بہت جلد متوقع: پولانسکی

اقوام متحدہ۔(یو این آئی) اقوام متحدہ میں روس کے نائب سفیر دمتری پولانسکی نے کہا ہے کہ اگر یوکرین تنازعہ کی بنیادی وجوہات کو حل کرنے کی کوشش کرتا ہے تو ماسکو اور کیف کے درمیان جنگ بندی کی بات چیت بہت جلد ہو سکتی ہے۔ مسٹر پولانسکی نے ریا نووستی کو بتایا، ایک سوال کے جواب میں مسٹر پولانسکی نے کہا، "گیند یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی کے کورٹ میں ہے، چاہے وہ اسے قبول کریں یا نہ کریں، اور آیا وہ اس بحران کو جنم دینے والے مسائل کو حل کرنے کے لیے کوئی سنجیدہ، بامعنی کوشش کرنا چاہتے ہیں۔ میرے خیال میں یہ بہت جلد ہو سکتا ہے۔" انہوں نے کہا کہ ماسکو طویل عرصے سے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ذریعے سفارتی حل کا خواہاں ہے۔ مسٹر پولانسکی نے اس بات پر بھی روشنی ڈالی کہ ماسکو نے 2021 میں اپنی آخری کوشش کی تھی۔

## حملے کے نتائج انتہائی خطرناک ہوں گے: ایران کا اسرائیل کو انتباہ

تہران۔(یو این آئی) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے اسرائیل کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ اگر اسرائیل نے ایران پر کوئی حملہ کیا تو یہ ایسا ہوگا جیسے بارود کے ڈھیر کو آگ لگا دی جائے، اس کا نتیجہ پورے خطے میں تباہی کی صورت میں سامنے آئے گا۔ عرب خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے گذشتہ روز سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پیغام میں اسرائیلی وزیر اعظم کے ان بیانات کو بے وقعت قرار دیا جن میں ایرانی ایٹمی پروگرام کو ختم کرنے بات کی گئی تھی، انہوں نے کہا کہ اس قسم کے بیانات کا ایران اور امریکہ کے درمیان جاری مذاکرات پر کسی قسم کا کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر کا کہنا تھا کہ اسرائیل، امریکہ کی اجازت کے بغیر کسی بھی "مہم جوئی" سے پرہیز کرے گا، تاہم انھوں نے خبردار کیا کہ اگر ایران کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی تو



بھرپور جواب دیا جائے گا۔ واضح رہے کہ ایرانی اسپیکر کی جانب سے یہ دھمکی ایسے وقت میں سامنے آئی جب امریکی انتظامیہ نے کل ایک بیان میں اعلان کیا تھا کہ وہ اُن تمام افراد اور اداروں کا احتساب جاری رکھے گی جو ایران کے بیلسٹک میزائل پروگرام کو فروغ دینے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ امریکی وزیر خزانہ کا اپنے بیان میں کہنا تھا کہ ایران کی جانب سے میزائلوں اور دیگر عسکری صلاحیتوں کی تیز رفتار ترقی، امریکہ اور اس کے اتحادیوں کی سلامتی کے لیے خطرہ ہے۔

امریکی وزیر خزانہ کا مزید کہنا تھا کہ یہ پیش رفت مشرق وسطیٰ میں عدم استحکام کی صورتحال پیدا کرتی ہے اور ان بین الاقوامی معاہدوں کی خلاف ورزی ہے جن کا مقصد ان ٹیکنالوجی کے پھیلاؤ کو روکنا ہے۔ بیزنٹ نے اس بات پر زور دیا کہ امریکی محکمہ خزانہ تہران کو بیلسٹک میزائل پروگرام کے لیے وسائل تک رسائی سے محروم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات اُٹھاتا رہے گا۔ واضح رہے کہ گذشتہ ہفتوں کے دوران تہران اور واشنگٹن نے ایرانی ایٹمی پروگرام کے حوالے سے نیا معاہدہ طے کرنے کے لیے تین ادوار کی بالواسطہ بات چیت کی۔ ان میں دو ملاقاتیں مسقط (عمان) میں اور ایک روم (اٹلی) میں ہوئی تھیں۔ رپورٹس کے مطابق فریقین نے ان مذاکرات کو "مثبت اور سنجیدہ" قرار دیا ہے۔ جبکہ ایران نے ایک ممکنہ معاہدے کا مسودہ بھی تیار کرنا شروع کر دیا ہے۔

# امریکہ کے ساتھ اگلے جوہری مذاکرات ہفتے کو ہونگے: ایران

تہران۔(یو این آئی) ایران نے کہا ہے کہ برطانیہ، فرانس اور جرمنی کے ساتھ جوہری مذاکرات جمعہ کے روز روم میں کئے جائیں گے۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے بدھ کو جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ ان مذاکرات کا مقصد تہران اور واشنگٹن کے درمیان جاری اہم جوہری مذاکرات کے دوران کشیدہ تعلقات کو بہتر بنانا ہے۔ ملاقات رواں ہفتے کے آخر میں اٹلی میں ایران اور امریکہ کے درمیان متوقع چوتھے دور کے جوہری مذاکرات سے پہلے ہوگی۔ عراقچی نے سرکاری ذرائع ابلاغ کے لئے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ میرے خیال میں تین یورپی ممالک، جوہری مذاکرات کے معاملے میں غلط پالیسیوں کی وجہ سے، اپنی حیثیت کھو چکے ہیں۔ البتہ، ہم یہ نہیں چاہتے اور روم میں ان کے ساتھ مذاکرات کے لیے تیار ہیں"۔

رائٹرز نے پیر کو جاری کردہ خبر میں کہا ہے کہ تہران نے "ای تھری کے نام سے مشہور، یورپی ممالک سے ملاقات کی تجویز دی تھی۔ یہ ممالک ایران کے 2015 کے جوہری معاہدے کے فریق ہیں، جسے امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے 2018 میں اپنے پہلے دورِ صدارت میں ترک کر دیا تھا۔ ای تھری" کے سیاسی ڈائریکٹروں نے تصدیق کی



ہے کہ وہ جمعہ کو ایران سے ملاقات کریں گے۔ ٹرمپ نے، نئے جوہری معاہدے پر راضی نہ ہونے کی صورت میں، ایران پر حملے کی دھمکی دی ہے۔ امریکہ کی معاہدے سے دستبرداری کے بعد سے ایران نے 2015 کے معاہدے کی جوہری پروگرام کے لئے طے کردہ حدود کو کافی حد تک عبور کر چکا ہے، اور یورپی ممالک واشنگٹن کے اس خدشے میں شریک ہیں کہ تہران ایٹمی بم کا مالک بن سکتا ہے۔ ایران کا کہنا ہے کہ اس کا پروگرام پُر امن ہے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی ایک قرارداد، جو 2015 کے معاہدے کی توثیق کرتی ہے، اکتوبر میں ختم ہو رہی ہے اور فرانس کے وزیر خارجہ نے منگل کو کہا کہ اگر مذاکرات کسی معاہدے تک نہ پہنچے تو پیرس بین الاقوامی پابندیاں دوبارہ عائد کرنے میں دیر نہیں کرے گا۔ فرانس کے وزیر جین نوئل باروٹ نے کہا ہے کہ "یہ پابندیاں ایران کی ٹیکنالوجی، سرمایہ کاری اور یورپی منڈی تک رسائی کو مستقل طور پر بند کر دیں گی، جس کے ملک کی معیشت پر تباہ کن اثرات مرتب ہوں گے"۔ ایران کے نمائندہ برائے اقوام متحدہ جاری کردہ جوابی بیان میں کہا ہے کہ "اگر فرانس اور اس کے ساجھے دار واقعی سفارتی حل چاہتے ہیں، تو انہیں دھمکیاں دینا بند کرنا ہوں گی"۔ منگل کو امریکہ وزارتِ خزانہ نے، ایران کی پاسدارانِ انقلاب اسلامی فورس کو بیلسٹک میزائل کے پروپیلنٹ اجزاء کی فراہمی کا الزام لگا کر، ایران اور چین میں قائم ایک نیٹ ورک پر نئی پابندیاں عائد کر دی تھیں۔ عراقچی نے کہا ہے کہ مذاکرات کے دوران امریکی پابندیاں غلط پیغام" دے رہی ہیں۔ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ہمیں پورا یقین ہے کہ ہم ایران کے ساتھ ایک نئے معاہدہ طے کر لیں گے اور یہ معاہدہ ایران کے ایٹمی بم کے حصول کا راستہ بند کر دے گا۔

## اقوام متحدہ نے سوڈان میں جنگ کے خاتمے کا مطالبہ کیا

اقوام متحدہ۔(یو این آئی) اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گوٹیرس نے سوڈان میں "جنگ کی حالت" کو فوری طور پر ختم کرنے کے اپنے مطالبے کو دہرایا ہے اور بین الاقوامی برادری سے ملک میں جاری المیہ اور تباہی کو ختم کرنے میں مدد کے لئے فوری طور پر کام کرنے کی اپیل کی ہے۔ کل یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں، اقوام متحدہ کے سربراہ کے ترجمان اسٹیفن دوجارک نے کہا کہ وہ سوڈان کی شمالی دارفر ریاست میں بڑھتی ہوئی "سنگین صورتحال" سے حیران ہیں کیونکہ قحط زدہ زمزم اور ابوشوک نقل مکانی کے کیمپوں پر حملے کے صرف دو ہفتے بعد دارالحکومت الفشر پر مہلک حملے جاری ہیں۔ اطلاعات کے مطابق نقل مکانی کرنے والے کیمپوں پر حملوں میں انسانی ہمدردی کے کارکنوں سمیت سینکڑوں شہری ہلاک ہو چکے ہیں۔ مسٹر گوٹیرس نے کہا کہ صرف اس ماہ کے شروع میں 000,400 سے زیادہ افراد زمزم کیمپ سے نقل مکانی پر مجبور ہوئے تھے۔ انہوں نے سکیورٹی چوکیوں پر بے گھر افراد کو ہراساں کرنے، دھمکیاں دینے اور من مانی حراست میں رکھنے کی اطلاعات پر بھی گہری تشویش کا اظہار کیا۔ اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل نے کہا کہ مسلسل عدم تحفظ اور فنڈنگ کی کمی کے باوجود، اقوام متحدہ اور اس کے انسانی ہمدردی کے شراکت دار شمالی دارفور کے تاویلہ علاقے میں ہنگامی امداد کو فوری طور پر بڑھانے کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں۔ زمزم سے بے گھر ہونے والے زیادہ تر لوگ اسی علاقے میں رہ رہے ہیں۔ دریں اثنا، سوڈان کے دیگر حصوں میں شہریوں کے خلاف تشدد کا سلسلہ جاری ہے، حالیہ دنوں میں خرطوم صوبے کے اومدرمان میں بڑے پیمانے پر ہلاکتوں کی اطلاعات ہیں۔ تنازع اب اپنے تیسرے سال میں ہے۔

## جنگ ختم ہونے کے بعد بھی افغانستان بحرانوں میں گھرا ہوا ہے: اقوام متحدہ

اقوام متحدہ۔(یو این آئی) اقوام متحدہ کا کہنا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی، خواتین کے حقوق، نقل مکانی، غربت سمیت افغانستان کو متوازی بحرانوں کا سامنا ہے، جنگ ختم ہونے کے بعد بھی یہ ملک بحرانوں میں گھرا ہوا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے اے ایف پی کی رپورٹ کے مطابق اقوام متحدہ کے ریلیف چیف ٹام فلیچر نے اے ایف پی سے بات کرتے ہوئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے امدادی بجٹ میں 'ظالمانہ' کٹوتیوں پر افسوس کا اظہار کیا۔ شمالی افغانستان کے صوبہ قندوز کے دورے کے دوران اے ایف پی کے ساتھ ایک انٹرویو میں انسانی امور کے لیے اقوام متحدہ کے انڈر سیکرٹری جنرل ٹام فلیچر نے کہا، 'ہم نے دنیا بھر میں 17 بحرانوں کی نشاندہی کی ہے جہاں ہماری مداخلت سب سے زیادہ فوری اور اہم ہے، اور افغانستان اس فہرست میں سب سے اوپر ہے۔' ٹام فلیچر کا یہ دورہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے غیر ملکی امداد میں کمی کرنے کے فیصلے کے بعد آیا ہے جس نے پوری دنیا میں صدمے کی لہر دوڑا دی ہے۔ واشنگٹن افغانستان کا سب سے بڑا عطیہ دہندہ رہا ہے، جس نے 2021 میں طالبان کے اقتدار میں واپس آنے کے بعد سے 3.71 ارب ڈالر کی انسانی اور ترقیاتی امداد فراہم کی ہے۔ ٹام فلیچر نے کہا کہ افغانستان ایک مختلف قسم کا چیلنج ہے، لیکن یہ بہرحال ایک بہت بڑا چیلنج ہے۔ اقوام متحدہ کے ریلیف چیف نے مزید کہا کہ ملک میں خواتین کے حقوق کی صورتحال بحران در بحران کے سلسلے کو مزید بڑھا رہی ہے۔ طالبان حکام نے خواتین پر ایسی پابندیاں عائد کی ہیں جنہیں اقوام متحدہ نے 'صنفی امتیاز' قرار دے کر مذمت کی ہے۔ خواتین اور لڑکیوں کو پرائمری اسکول سے آگے تعلیم کے ساتھ ساتھ کام کے بہت سے شعبوں اور عوامی مقامات پر جانے سے بھی منع کر دیا گیا ہے۔ کابل اور طالبان کے گڑھ جنوبی قندھار میں اس ہفتے طالبان کے عہدیداروں کے ساتھ ملاقاتوں کے بعد، فلیچر نے خواتین کے حقوق پر ذہنیت کو تبدیل کرنے کی کوشش کے لیے بات چیت' کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا، 'میرے لیے یہ حوصلہ افزا بات ہے کہ لوگ بات چیت کرنے کے لیے تیار تھے اور انہوں نے خالصتاً دفاعی انداز میں بات نہیں کی۔' افغان خواتین، خاص طور پر انسانی امداد میں کٹوتیوں سے متاثر ہوئی ہیں، بالخصوص صحت کی دیکھ بھال کے شعبے میں، جو غیر ملکی امداد پر بہت زیادہ انحصار کرتا رہا ہے۔ یونیسیف کے مطابق، افغانستان میں زچگی کے دوران شرح اموات 620 فی 100000 پیدائشیں اور پانچ سال سے کم عمر بچوں کی شرح اموات 55 فی 1000 پیدائشیں ہے جو دنیا میں سب سے زیادہ ہے۔

ایک موبائل ہیلتھ سینٹر میں افغان خواتین سے ملاقات کے بعد ٹام فلیچر نے کہا، 'میں ان تمام لوگوں کو چیلنج کرتا ہوں جو امداد میں کٹوتیوں پر خوشی مناتے ہیں کہ وہ ایک ایسی عورت کے ساتھ بیٹھیں جس نے اپنا بچہ اس لیے کھو دیا کیونکہ اسے دردِ زہ میں تین گھنٹے سائیکل چلانی پڑی تاکہ وہ ضروری دیکھ بھال حاصل کر سکے۔' جب 28 سالہ گھریلو خاتون امینہ بیمار ہوئیں تو وہ دیہی علاقے میں واقع مرکز تک پہنچنے کے لیے ڈیڑھ گھنٹہ پیدل چلیں۔ انہوں نے اے ایف پی کو بتایا، 'یہاں کوئی کلینک نہیں ہے، کوئی ڈاکٹر نہیں آتے، قریب میں کچھ نہیں، اور ہمارے پاس بجلی بھی نہیں ہے۔' مقامی غیر سرکاری تنظیم 'جیک' اور اقوام متحدہ کے اداروں کے تعاون سے چلنے والی یہ چھوٹی سی سہولت دباؤ کا شکار ہے۔ اس این جی او کو پہلے ہی بوجھ تلے دبی ہوئی ہے، اب امریکا کے مالی تعاون سے چلنے والے ان کلینکوں کے مریضوں کو بھی جگہ دینی پڑ رہی ہے جو بند ہو چکے ہیں، نیز ان افغانوں کو بھی جو اپریل کے اوائل سے پاکستان سے بے دخل کیے گئے ہیں۔ ٹام فلیچر نے کہا، 'کٹوتیوں کا فوری طور پر اثر نظر نہیں آیا۔

## امریکی اخبار نے ڈونلڈ ٹرمپ کے دعوؤں کا پول کھول دیا

واشنگٹن۔(یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنی 100 دن کی کارکردگی کو بے مثال قرار دیا لیکن امریکی اخبار کے مطابق حقائق اس کے برعکس ہیں۔ امریکی اخبار کی رپورٹ کے مطابق ٹرمپ حکومت میں اسٹاک مارکیٹیں 1974ء کے بعد نچلی ترین سطح پر آئیں۔ رپورٹ کے مطابق ٹرمپ انتظامیہ کے 100 دنوں میں ٹیرف کے جھٹکوں نے عالمی مالیاتی نظام پر زلزلہ طاری کیا۔ امریکی اخبار کا کہنا ہے کہ ایس اینڈ پی انڈیکس میں 7 فیصد کی 1974ء کے بعد سب سے بڑی کمی ہے۔ اخبار اپنی رپورٹ میں کہا کہ پبلک کمپنیوں کی مالیت سے ساڑھے 6 ٹریلین ڈالرز سے زیادہ کا صفایا کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق اسٹاک مارکیٹیں اب سنبھل چکی ہیں لیکن ٹیرف کے صدمے کی لہریں اب بھی موجود ہیں۔ واضح رہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے حکومت کے 100 دن مکمل ہونے پر ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ ہماری حکومت کے کامیاب ابتدائی 100 دن عقل کا انقلاب ہے، ملکی تاریخ کے سب سے کامیاب 100 دن مکمل ہونے کا جشن منانے پر خوش ہوں۔

## اسرائیل شام پر فضائی حملے بند کرے: ترکیہ

انقرہ۔(یو این آئی) ترک وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ اسرائیل کو اپنے فضائی حملے بند کرنے چاہئیں جو شام کے اتحاد اور علاقائی سالمیت کی کوششوں کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ بدھ کے روز ایک بیان میں اونجو کیچیلی نے کہا کہ عالمی برادری، خاص طور پر علاقائی ممالک کی ذمہ داری ہے کہ وہ شام میں سلامتی اور استحکام کے قیام میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں پورا یقین ہے کہ جنوبی شام میں تشدد کی کارروائیوں کو شامی حکومت اور خطے میں مقامی عناصر کے درمیان بات چیت اور عام فہم کے ذریعے ختم کیا جائے گا اور ان واقعات کے ذمہ داروں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ انہوں نے اس بات پر بھی روشنی ڈالی کہ ترکیہ شامی معاشرے کے تمام اجزاء کے درمیان امن کی کوششوں کی حمایت جاری رکھے گا۔

اقوام متحدہ میں ترکیہ کے مندوب احمد یلدیز نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ غزہ اور خطے کے خلاف اسرائیل کے مسلسل حملوں کے خلاف فوری کارروائی کرے۔ یلدیز نے بدھ کے روز سلامتی کونسل کو بتایا کہ بین الاقوامی برادری کو اسرائیل کی



اشتعال انگیزیوں اور خلاف ورزیوں کے سامنے مزید خاموش نہیں رہنا چاہئے۔ انہوں نے اسرائیل فلسطین تنازعہ کو "کئی دہائیوں میں اپنے سب سے شدید مرحلے میں داخل ہونے، بے مثال انسانی نقصان کا باعث" قرار دیا۔ انتھک اسرائیلی فوجی کارروائیوں کے نتیجے میں شہریوں کو تباہ کن نقصان پہنچا ہے: ہزاروں جانیں ضائع ہو گئیں، پورے محلے ملبے میں تبدیل ہو گئے، اور اہم انفراسٹرکچر تباہ ہو گیا، انہوں نے مزید کہا کہ تباہی میں ترک-فلسطینی دوستی اسپتال بھی شامل ہے جو ترکیہ نے تعمیر کیا تھا اور کینسر کے علاج کے لئے استعمال کیا گیا تھا۔ انہوں نے مقبوضہ مغربی کنارے، شام اور لبنان میں اسرائیلی اقدامات کی مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ سلامتی کونسل کی قرارداد 2234 کی صریح خلاف ورزی کرتے ہوئے اسرائیل غیر قانونی بستیوں کی توسیع، آبادکاروں پر تشدد، جبری نقل مکانی اور یروشلم کی حیثیت کو کمزور کرنے کے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ یلدیز نے کارروائی کے لیے چار نکاتی مطالبے کا خاکہ پیش کیا، جس کا آغاز غزہ میں فوری اور پائیدار جنگ بندی اور بلا روک ٹوک انسانی امداد تک رسائی سے ہوا۔ انہوں نے مصر کی تعمیر نو کے منصوبے کی حمایت پر زور دیا جسے عرب لیگ اور اسلامی تعاون تنظیم کی حمایت حاصل ہے اور فلسطین کے لئے اقوام متحدہ کی مکمل رکنیت سمیت دو ریاستی حل کے "تجدید عزم" پر زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم سلامتی کونسل سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ موجودہ قراردادوں کے نفاذ اور نئی قراردادوں کو منظور کرنے سمیت تمام دستیاب ذرائع استعمال کرے تاکہ ہمارے مطالبات کو حل کیا جا سکے۔

# بنگلہ دیش میں اسلامی جماعتوں نے خواتین کے امور کے اصلاحاتی کمیشن کو ختم کرنے کا مطالبہ کیا


ڈھاکہ۔(یو این آئی) بنگلہ دیش میں اسلامی جماعتوں کے اتحاد نے ملک میں خواتین کے حقوق پر تازہ تشویش کا اظہار کرتے ہوئے خواتین کے امور کے اصلاحاتی کمیشن کو ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ بزنس اسٹینڈرڈ بی ڈی کی رپورٹ کے مطابق، اتحاد نے، جاتیا علماء مشائخ امہ کے بینر تلے متحد، کمیشن کی سفارشات کو بھی مسترد کر دیا ہے اور مذہبی، تعلیم یافتہ اور سماجی طور پر باشعور خواتین پر مشتمل ایک نئے کمیشن کا مطالبہ کیا ہے۔ مذہبی سخت گیر افراد نے یہ بات بدھ کو ڈھاکہ کے انسٹی ٹیوٹ آف ڈپلومہ انجینئرز میں منعقدہ خواتین اصلاحات کمیشن کا اسلاموفوبیا اور ہماری ذمہ داریاں کے عنوان سے ایک قومی سیمینار میں کہی۔ اس پروگرام کا اہتمام علما مشائخ ائمہ پریشد نے کیا تھا۔ مقررین نے کہا کہ کمیشن کی کئی سفارشات مغربی نظریات سے متاثر ہیں اور بنگلہ دیش کی سماجی حقیقتوں، ثقافت، اقدار اور ملک کی خواتین کی حقیقی ضروریات اور جدوجہد سے متصادم ہیں۔ بنگلہ دیش جماعت اسلامی کے رہنما شفیق الرحمان نے کہا کہ ہم اس کمیشن کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہیں کیونکہ یہ اللہ کی اقدار اور قوانین اور قوم کے نظریات اور عقائد کے خلاف ہے۔ کمیشن کو مسترد کرنے کا مطلب اس کی رپورٹ کو بھی مسترد کرنا ہے۔ ہم احتجاج نہیں چاہتے



لیکن اگر مجبور کیا گیا تو ہم سڑکوں پر آنے سے دریغ نہیں کریں گے۔ کمیشن کے نقطہ نظر میں تضادات پر تنقید کرتے ہوئے، انہوں نے کہا، "ایک طرف وہ مساوی حقوق کی بات کرتے ہیں اور دوسری طرف ہر جگہ خواتین کے لیے کوٹے کا مطالبہ کرتے ہیں، اگر حقوق برابر ہیں تو کوٹے کی کیا ضرورت ہے؟ خواتین کو ریزرویشن کی بنیاد پر نہیں بلکہ میرٹ کی بنیاد پر عہدے ملنے چاہئیں۔" ڈھاکہ ٹریبیون نے رپورٹ کیا کہ خلافت مجلس کے جنرل سکریٹری مامون الحق نے کہا، جیسا کہ "اسلام خواتین کو واجبی حقوق دیتا ہے۔ مساوی حقوق نہیں، بلکہ صرف حقوق۔ مساوی حقوق خواتین کو مردوں کے مقابلے میں دھکیل دیں گے، جو ان کے لیے نقصان دہ ہوگا"۔

# ہند پاک میڈیا: وہم کسی سے کم نہیں'

## سہیل انجم



جب سے پہلگام حملے کی وحشت ناک خبریں اور ویڈیوز منظر عام پر آئی ہیں ہندوستان اور پاکستان کے درمیان کشیدگی بہت زیادہ بڑھ گئی ہے۔ پہلے ہی کہاں تعلقات معمول پر تھے مگر اب تو وہی صورت حال پیدا ہوگئی ہے جو پلوامہ حملے کے بعد ہوئی تھی۔ اُس واردات کے بعد ہندوستان نے بالاکوٹ پر سرجیکل اسٹرائک کرکے دہشت گردوں کے ایک مرکز کو تباہ کر دیا تھا۔ لیکن ہندوستان کے ایک پائلٹ ابھینندن پکڑے گئے تھے۔ یہ الگ بات ہے کہ متعدد ممالک نے دباؤ ڈال کران کی واپسی کروائی اور جنگ کے بادل چھٹ گئے تھے۔ لیکن اس بار کیا کچھ ہونے والا ہے کہا نہیں جا سکتا۔ ممکن ہے کہ ہندوستان کی جانب سے پھر سرجیکل اسٹرائک جیسی کارروائی ہو یا یہ بھی ممکن ہے کہ کوئی چھوٹی موٹی جنگ ہی ہو جائے۔ ہندوستان نے فوری طور پر پاکستان کے خلاف متعدد اقدامات کا اعلان کیا اور پاکستان نے بھی جوابی اعلانات کیے ہیں۔ تاہم آگے کیا ہوگا، حتمی طور پر کچھ کہنا مشکل ہے۔ جنگ ہو بھی سکتی ہے اور نہیں بھی۔ لیکن دونوں ملکوں کے میڈیا میں ضرور جنگ ہو رہی ہے۔ ہندوستان کا قومی میڈیا دہاڑ رہا ہے اور پاکستان کے نیوز چینل ترکی بہ ترکی جواب دے رہے ہیں۔ چینلوں پر بیٹھی تجزیہ کاروں کی اکثریت طبلِ جنگ بجا رہی ہے۔ یہ دیکھ کر جسم میں سنسنی دوڑ گئی کہ ایک چینل پر پاکستان کا ایک یوٹیوبر جس کا نام باسط علی ہے، اینکر کو بڑا سا چاقو دکھا کر کہہ رہا ہے کہ وہیں دہلی آکر تمھیں ذبح کروں گا۔ ادھر ہندوستان کے کچھ دفاعی تجزیہ کار بھی نیوز چینلوں پر اپنے شعلہ بار بیانات سے ماحول کو سنگین بنا رہے ہیں۔ اینکروں کو چاہیے کہ وہ ایسے لوگوں کو مدعو کرکے ماحول کو اور کشیدہ بنانے کی کوشش نہ کریں۔ البتہ اس دوران کچھ سنجیدہ آوازیں بھی سننے کو ملتی ہیں۔ لیکن وہ آوازیں نقار خانے میں طوطی کی آواز بن کر رہ جاتی ہیں۔ مثال کے طور پر پاکستان کے ایک سینئر صحافی نجم سیٹھی نے ایک پاکستانی نیوز چینل پر ہونے والی گفتگو میں بتایا کہ دریائے سندھ کا پانی بند کرنے میں ہندوستان کو کن کن دشواریوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اور اگر جنگ ہوئی تو پاکستان کو کن کن مسائل کا سامنا ہوگا۔ ان کے مطابق اس وقت ہندوستان امریکہ اور مغربی ملکوں کا محبوب بنا ہوا ہے لہٰذا جنگ کی صورت میں عالمی سطح پر ہندوستان کی پوزیشن مضبوط ہوگی اور پاکستان کی کمزور۔

قارئین چونکہ ہندوستانی میڈیا کی رپورٹنگ سے پوری طرح واقف ہیں اس لیے ہم اس کے بجائے پاکستانی میڈیا کے کچھ نمونے پیش کرتے ہیں۔ جس طرح یہاں کے ہندی اخبارات عوامی جذبات سے کھیل رہے ہیں اسی طرح وہاں کے اردو اخبارات بھی کھیل رہے ہیں۔ ایسا لگتا ہے جیسے ان اخباروں کی یہ دلی خواہش ہے کہ جنگ ہو جائے۔ البتہ دونوں ملکوں کے انگریزی اخبارات کی زبان قدرے نرم اور قابو میں ہے۔ روزنامہ 'جنگ' پاکستان کا سب سے بڑا اردو اخبار ہے۔ اس میں یومیہ نصف درجن سے زائد کالم شائع ہوتے ہیں۔ اس وقت جو کالم چھپ رہے ہیں ان میں ہند مخالف اور جنگ حامی کالم بھی ہیں۔ ہم کچھ اقتباسات پیش کر رہے ہیں۔ مرحوم جنرل حمید گل کی صاحبزادی عظمیٰ گل ایک مصنف، انسانی حقوق کی کارکن اور تجزیہ کار ہیں۔ جنگ کے 27 اپریل کے شمارے میں 'تنگ آمد بجنگ آمد' کے زیر عنوان اپنے کالم میں انکشاف کرتی ہیں 'امریکی عسکری جہاز اسلحہ بھر بھر کر قطر سے ہندوستان پہنچ رہے ہیں۔ جبکہ ہندوستان (کی جانب سے) کشمیر کے اسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کرنے سے اندازہ ہو رہا ہے کہ پاکستان سے جنگ چھیڑ کر کشمیر میں غزہ کی طرز پر کشمیریوں کی نسل کشی کی جائے گی اور الزام پاکستان پر لگایا جائے گا'۔ ہمیں نہیں معلوم کہ انھیں اسلحے کی آمد اور کشمیری اسپتالوں میں ایمرجنسی کے نفاذ کی خبر کہاں سے ملی۔ سینئر صحافی، تجزیہ کار اور شاعر منصور آفاق نے 27 اپریل کے شمارے میں 'جنگ دستک دے رہی ہے' کے عنوان سے لکھا ہے 'بھارت اگر سمجھتا ہے کہ یہ جنگ صرف کشمیر کے اندر محدود رہے گی تو یہ اس کی سنگین خام خیالی ہے۔ اور اگر یہ سمجھتا ہے کہ یہ روایتی جنگ ہوگی تو یہ بھی ایک فریب نظر ہے...... ہم نے کچھ خاص نوعیت کے ایسے ایٹمی ہتھیار تیار کیے ہیں جو ایک مخصوص دائرے میں مکمل تباہی پھیلانے کی صلاحیت رکھتے ہیں'۔ عبد اللہ طارق سہیل 26 اپریل کے شمارے میں وزیر اعظم مودی کو ڈرا ہوا بتاتے ہیں اور لکھتے ہیں 'یہ معلوم کرکے کہ پاکستان کے پاس ممکنہ 'بھارتی جارحیت' کا مقابلہ کرنے کی کتنی صلاحیت ہے بلکہ پاکستان نے کیا کیا انتظام کر رکھا ہے، بھارت پریشان ہے بلکہ ڈرا ہوا ہے۔ اسے پتہ چل گیا ہے کہ میزائل اور ڈرون حملے کی صورت میں پاکستان کے پاس بہت اچھی فضائی شیلڈ ہے جو بھارت کے پاس نہیں ہے۔ اسے یہ بھی ڈر ہے کہ بات ٹارگیٹڈ حملوں سے بڑھ کر بڑی جنگ تک چلی گئی تو پھر کیا ہوگا۔ 'شائننگ انڈیا' 'ڈراؤننگ انڈیا' نہ بن جائے۔ محمد اکرم چودھری 'پرانی بھارتی فلم نیا پرنٹ، مکار کردار، جھوٹا بیانیہ' کے عنوان سے ہندوستانی میڈیا پر تنقید کرتے ہیں اور پاکستان کی فوجی برتری کی بات کرنے کے بعد امن کی اپیل بھی کرتے ہیں 'بین الاقوامی برادری دونوں ممالک کے درمیان امن اور بات چیت کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ سفارتی کوششوں اور مذاکرات کی حوصلہ افزائی سے تناؤ کو کم کرنے اور مزید بڑھنے کو روکنے میں مدد مل سکتی ہے۔ ان خطرات کو کم کرنے کے لیے دونوں ممالک کے لیے تعمیری بات چیت میں مشغول ہونا اور بین الاقوامی برادری کے لیے کشیدگی میں کمی کی کوششوں کی حمایت کرنا ضروری ہے'۔ سینئر صحافی محمود شام نے بھی اپنے قلم کو نرم رکھا ہے۔ وہ پاکستان، روس، چین اور ایران کے درمیان اتحاد کے امکان کی بات کرتے ہیں۔ ان کے مطابق 'ہمیں سفارتی طور پر فعال ہونا ہوگا۔ ایرانی قیادت سے ملاقات ضروری ہے۔ اسی طرح چینی قیادت سے بھی مشاورت کی جائے۔ 'اسے صرف بھارت کی گیدڑ بھبکی نہ سمجھا جائے۔ یہ کسی عالمی سازش یا نیو گریٹ گیم کا حصہ ہو سکتا ہے۔ پاکستان کو اس کا مقابلہ سفارتی سطح پر کرنا ہوگا'۔ روزنامہ جنگ کے مانند نوائے وقت، دنیا اور دیگر اردو اخبارات میں بھی ہند مخالف کالم شائع ہو رہے ہیں۔

روزنامہ 'ڈان' پاکستان کا ایک کثیر الاشاعت انگریزی اخبار ہے۔ امریکہ، برطانیہ اور اقوام متحدہ میں پاکستان کی سابق سفیر ملیحہ لودھی نے 'ایک بار پھر دہانے پر' کے زیر عنوان 28 اپریل کے شمارے میں لکھا ہے کہ دونوں ملک ایک بار پھر خطرناک تصادم کے دہانے پر پہنچ گئے ہیں۔ ان کے مطابق ہندوستان نے پہلگام حملے میں بغیر کسی ثبوت کے پاکستان پر الزام عاید کیا ہے۔ وہ یہ بھی کہتی ہیں کہ ہندوستانی خارجہ سکریٹری نے اپنے بیان میں دہشت گردانہ حملے کے حوالے سے صرف 'کراس بارڈر تعلق' کی بات کہی ہے۔ لیکن ہندوستانی میڈیا ایک منظم مہم کے تحت پاکستان پر انگشت نمائی کر رہا ہے۔ وہ آخر میں مشورہ دیتی ہیں کہ جوہری ہتھیاروں کی موجودگی میں چھیڑی جانے والی محدود جنگ کا تصور بے شمار خطرات سے بھرا ہوا ہے۔ اس سے بہر صورت گریز کیا جانا چاہیے۔ اخبار ڈان کے سابق ایڈیٹر عباس ناصر صورت حال کا باریکی سے جائزہ لینے کے بعد آخر میں کہتے ہیں 'ایک ایسے وقت میں جب پاکستانی فوجی اور سویلین قیادت نے اقتصادی بحالی اور استحکام کو اولین ترجیح دی ہے پہلگام قتل عام جیسا واقعہ اس کے ترجیحی مقاصد کے لیے سراسر نقصان دہ ہوگا۔ ایسے کسی بھی واقعے کا نتیجہ بھارت سے زیادہ پاکستان کو بھگتنا ہوگا'۔ وہ ثالثی کی بات کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ سعودی عرب اور ایران کی ثالثی کی کوششیں پر امن حل کی امید پیدا کرتی ہیں جس کا خیر مقدم کیا جانا چاہیے۔ اسی طرح سینئر دفاعی تجزیہ کار محمد عامر رانا 'امن لابی کی تلاش میں' کے عنوان سے مختلف پہلوؤں اور خطرات کا جائزہ لینے کے بعد کہتے ہیں کہ اس صورت حال کو ٹالنے کے لیے امن لابی کیا کر سکتی ہے۔ قیام امن کے لیے قلیل مدتی کے بجائے طویل مدتی حکمت عملی اپنانی ہوگی اور امن کو امید بنانا ہوگا پالیسی نہیں۔

☆☆☆

sanjumdelhi@gmail.com

# جنگ سے کس کو فائدہ!!

## ڈاکٹر سید فاضل حسین پرویز

پہلگام سانحہ کے بعد توقع کے مطابق ہندوستان اور پاکستان دونوں ہی جانب جنگ کا ماحول تیار کیا جا رہا ہے۔ اصل جنگ تو دونوں ممالک کے انسانیت دشمن میڈیا چینلس کے درمیان ہو رہی ہے۔ دونوں ہی ممالک کا میڈیا ضمیر فروش عناصر پر مشتمل ہے جو اپنی ٹی آر پی کے لئے انسانیت کو جنگ میں جھونکنا چاہتی ہے اور جس طرح سے ان کا زبان و بیان لب و لہجہ اور بیانل مباحث میں اشتعال انگیزی کے لئے اکسانے کا طریقہ کار رہا ہے اس سے امن کی راہیں تلاش کرنے والا بھی جنگ کے لئے مجبور ہو جاتا ہے۔ پہلگام میں جو کچھ ہوا یقیناً وہ ناقابل معافی اور تلافی ہے۔ دہشت گردی کسی بھی طور پر ناقابل قبول ہے چاہے وہ سرحد پر سے ہو یا سرحد کے اندر کے عناصر کی جانب سے ہو۔ پاکستان دہشت گردی کے فروغ کے لئے بدنام رہا ہے۔ حالانکہ خود اس کے اپنے داخلی حالات اور معاملات سنگین ہیں۔ نااہل حکمران، عیاش فوجی سربراہان اور عہدیدار جو عوام کا خون چوس کر ارب پتی بن گئے ہیں جو میدان جنگ میں کبھی بھی کامیاب نہیں ہو سکتے۔ انہوں نے اپنے ملک کے اندرونی مسائل سے توجہ ہٹانے کے لئے انتہا پسندوں کی پشت پناہی کی ہے اس کا خمیازہ انہیں بھگتنا پڑا ہے۔ پاکستان کو عالمی برادری اچھی نظر سے نہیں دیکھتی، سکیوریٹی ہمیشہ سے اس ملک کا سب سے سنگین مسئلہ رہا جس کی وجہ سے سیاحت اور تجارت کے ساتھ ساتھ کئی ممالک کے ساتھ باہمی تعلقات بھی متاثر ہوئے ہیں۔ پہلگام سانحہ سے پہلے وہ خود بلوچستان کے باغیوں یا علاحدگی پسند تنظیم کے دہشت کا شکار ہو چکا ہے۔ پہلگام میں جو کچھ ہوا اس کی ساری دنیا نے مذمت کی ہے۔ اندرون ملک ہندوستانی سیاسی جماعت اور تنظیموں نے پاکستان کے خلاف فوجی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے اور حکومت نے فوج کے تینوں سربراہوں کو ہر قسم کی کارروائی کے لئے مکمل آزادی دی ہے۔ البتہ سوائے اسرائیل کے کسی بھی ملک نے نہ تو جنگ کا مشورہ اور نہ ہی پاکستان کے خلاف ساتھ دینے کا کوئی اشارہ دیا ہے۔ دوسری طرف ترکی اور چین نے جنگ کی صورت میں پاکستان کا ساتھ دینے کا اعلان کیا ہے بلکہ انہوں نے ہتھیاروں کے کھیپ بھی بھیج دئے ہیں ساتھ ہی چین نے ہندوستان اور پاکستان دونوں ہی کو صبر و تحمل کی صلاح دیتے ہوئے ثالثی رول کا پیش کش کیا ہے۔ ہندوستان بلاشبہ پاکستان کے مقابلے میں ہر اعتبار سے ایک بڑی طاقت ہے تاہم ایک نیوکلیر طاقت بننے کے بعد اسے پوری طرح سے نظر انداز نہیں کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی خوش فہمی میں مبتلا رہا جا سکتا ہے۔

30/اپریل کو W1ON میں وردھا راجن نے ایک رپورٹ شائع کی ہے جس کے مطابق نوسٹراڈیمس کی پیشن گوئیوں کے مطابق 2025ء میں ہند۔پاک جنگ ممکن ہے۔ نوسٹراڈیمس 16ویں صدی کا ایک نجومی تھا جو پہلے یہودی تھا بعد میں اس نے عیسائیت قبول کرلی تھی جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اس نے اگلے 500 برس تک کے واقعات کی پیشن گوئیاں کی تھی جن میں سے بیشتر صحیح ثابت ہوئیں۔ اگرچہ کہ اس کے پیشن گوئی میں ہند۔پاک کا ذکر نہیں کیونکہ نوسٹراڈیمس کے دور میں پاکستان کا وجود نہیں تھا۔ اس نے دو ایشیائی ممالک کے درمیان جنگ کی پیشن گوئی کی تھی۔ 2019ء میں یونیورسٹی آف کولاریڈو اور RUTGERS یونیورسٹی کے اسکالرس نے ہند۔پاک کے درمیان امکانی جنگ پر ریسرچ کی تھی جو 2017ء کی اقوام متحدہ کے نیوکلیر کے ہتھیاروں کے استعمال پر پابندی کے معاہدہ کے پیش نظر تھی۔ اس ریسرچ کے مطابق اگر ہندوستان اور پاکستان کے درمیان 2025ء میں جنگ ہو اور دونوں ممالک نیوکلیر ہتھیاروں کا استعمال کرے تو 50 ملین سے 150 ملین افراد ہلاک ہو سکتے ہیں۔ ہندوستان 100 نیوکلیر اسٹریٹیجک ہتھیاروں کا استعمال کرسکتا ہے اور پاکستان 150 نیوکلیر ہتھیاروں کا استعمال کرسکتا ہے جس سے 15 ہزار ٹن TRINITROTOLUENE(TNT) خارج ہوگا اور اس کا اثر اتنا ہی ہوگا جتنا 1945ء میں ہیروشیما (جاپان) پر گرائے گئے امریکی ایٹم بم کا ہوا تھا۔ اور اس سے 36 ملین ٹن کاربن خارج ہوگی جس سے ایک طویل عرصے تک متاثرہ علاقوں میں سرسبزی شادابی، زراعت اور پھل ترکاری کی فصلیں نہیں ہونگی۔ ایک عرصے تک اس کاربن کے اثر سے سورج کی روشنی میں 35٪ کمی محسوس ہوگی۔ جنگ میں کون جیتے گا کون ہارے گا؟ یہ سوال اہم نہیں ہے، نقصان تو دونوں ممالک کا ہوگا۔ پاکستان اگر کنگال ملک بن گیا ہے اور قرض کے دلدل میں گردن تک دھنسا ہوا ہے تو ہندوستان بھی بہت زیادہ خوشحال ملک نہیں ہے۔ بے روزگاری، غربت، بھوک مری سے یہ بھی متاثر ہے۔ اگرچہ کہ ترقی پذیر ممالک سے نکل کر ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل ہونے کی جدوجہد جاری ہے۔ اپنی کثیر آبادی کی وجہ سے یہ ایک اہم کنزیومر مارکٹ ہے جسے ساری دنیا قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے تاہم ہندوستان بھی 9.717 بلین ڈالرس کے بیرونی قرض کے دلدل میں اترا ہوا ہے۔ 2030ء تک یہ قرض 425 ٹریلین روپے تک ہوجائے گا۔ اگر جنگ کی صورت میں ہندوستان۔ پاکستان کو صفحہ ہستی سے مٹا بھی دے تو خود اسے بھی اپنے حالات کو معمول پر لانے کے لئے برسوں لگ جائیں گے۔ یہ اور بات ہے کہ یہ حکمران جماعت کو شاباشی اور اقتدار کے لئے ایک اور میعاد ملے گی۔ 1971ء کی جنگ میں ہندوستان نے پاکستانی فوج کو نہ صرف شکست دی تھی بلکہ دنیا کی تاریخ کا یہ منفرد واقعہ ہے کہ 90 ہزار سے زیادہ سپاہیوں نے ہتھیار ڈالے تھے، بلاشبہ پاکستان دو ٹکرے ہوئے، بنگلہ دیش بنا مگر اس حقیقت کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا کہ پاکستان کی تقسیم سے ایک اور مسلم ملک کا اضافہ ہوا اور جس بنگلہ دیش کی تشکیل میں ہم نے اہم رول ادا کیا تھا اسی بنگلہ دیش نے کئی بار ہمیں آنکھیں دکھائی ہیں اگر پاکستان کی ایک اور تقسیم ہوتی ہے اور بلوچستان آزاد ہوتا ہے تب بھی ایک اور نئی مسلم مملکت کا اضافہ ہوگا۔ بلوچیوں پر بھی بھروسہ نہیں کیا جاسکتا، جو قوم اپنے ملک کا نہ ہوسکی وہ کسی اور ملک کی کیا ہوسکتی ہے۔

اکنامک ٹائمس نے سوامی ناتھن ایر نے ہند۔پاک جنگ کی صورت میں ان اندیشوں کا اظہار کیا کہ جنگ میں ملوث ممالک پر بیرونی سرمایہ کاری کی رفتار مدھم ہوجاتی ہے۔ ترقیاتی سرگرمیاں مفلوج ہوکر رہ جاتی ہیں۔ اسٹاک مارکٹ زمین پر آکر رہ جاتی ہے، آئیل سپلائی کی چین متاثر ہوتی، سونے کی قیمت بھلے ہی آسمان کو چھونے لگی ہے یہ خوابوں سے باہر ہوجائے گی۔ ہندوستان کی جانب سے سندھ ندیوں سے پانی کی سربراہی روک دینے اور پاکستان کی فضائی حدود میں ہندوستانی طیاروں کے داخلے پر پابندی سے دونوں ممالک کو نقصان ہوا ہے۔ البتہ ہندوستانی ایر لائنس کمپنیوں کو کافی نقصانات کا اندیشہ ہے کیونکہ فضائی حدود پر پابندی کے نتیجے میں ایندھن کے استعمال میں اضافہ سفری اخراجات اور ٹائمنگ میں بھی کافی زیادہ فرق ممکن ہے۔ ہندوستان نے بھی اپنے فضائی حدود اور سمندروں میں پاکستانی جہازوں کی آمد و رفت پر پابندی عائد کی ہیں۔ جہاں تک انڈس واٹر ٹریٹی کی معطلی کا تعلق ہے اس پر عمل ہوجاتا ہے تو پاکستان کو پانی کی قلت کا سامنا رہے گا جس سے وہ کس طرح سے نمٹے گا آنے والا وقت بتائے گا۔ سنٹرل واٹر کمیشن کے سابق چیرمین مسٹر اے کے بجاج میں انڈین اکسپریس کو دئے گئے ایک انٹرویو میں کہا کہ پانی کی سربراہی کی معطلی کے فیصلے سے دست برداری کے لئے بات چیت کا طریقہ اختیار کیا جاسکتا ہے۔ اس معاہدے پر عمل آوری کے لئے وقت درکار ہے۔ پاکستان کی سمت پانی کے بہاؤ کو روکنے کے لئے پہلے ہندوستان کو ڈیمز بنانے ہوں گے جس کی پاکستان نے ہمیشہ سے مخالفت کی ہے۔ اگر ہندوستان دستبرداری کے لئے آمادہ ہوجائے تو ہو پاکستان سے کئی مطالبات پوری کرواسکتا ہے جن میں TULBUL نیوی گیشن پراجکٹ شامل ہے جو ولار جھیل پر تعمیر ہوسکتا ہے۔ جس کے تیس سال پہلے سے منصوبہ بندی کی گئی تھی۔ سندھ آبی معاہدے کے تحت ہندوستان کو 6.3 ملین ایکر فیٹ پانی کا ذخیرہ کرنے کا اختیار ہے۔ بہرحال! پانی کی سربراہی جنگوں کے دوران کی جاتی رہی ہے۔ کسی زمانے میں ترکی نے 1992 سے 1998 تک عراق کو پانی کی سربراہی معطل کردی تھی کیونکہ صدام حسین نے کویت پر حملہ کیا تھا اور اس کے خلاف عالمی پابندیاں عائد کی گئی تھیں۔ 1989ء عراق، شام کے درمیان پانی کی ساجھے داری کے لئے معاہدہ ہوا تھا۔

پانی سب سے بڑا ہتھیار ہے، اس کے بغیر کوئی شے باقی نہیں رہ سکتی۔ اللہ رب العزت نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے کہ: "ہم نے کائنات کی ہر چیز پانی سے بنایا ہے" جہاں پانی ہے وہاں خوشحالی ہے۔ پانی پر پابندی سب سے خطرناک سزا ہے۔ پاکستان کے خلاف حکومت ہند کا دوسرا اقدام یعنی تمام پاکستانی شہریوں کو ملک بدر کرنے کا اقدامات بھی ایک ایسی سزا ہے جسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جاسکتا۔ برسوں سے جو پاکستانی خواتین ہندوستانیوں بالخصوص کشمیری جوانوں سے شادی کے بعد سرزمین ہند کی ہوکر رہ گئی تھی انہیں ملک بدر کیا جانا کشمیر کے سابق چیف منسٹر محبوبہ مفتی کے الفاظ بھی غیر انسانی ہیں۔ کم از انہیں ملک کے ساتھ تھوڑی سی رعایت کی جانی چاہئے۔ تاہم ہندوستان کا غصہ اس کے جذبات اپنی جگہ واجبی ہیں۔ پہلگام جیسے واقعات کو روکنے کے لئے سخت اقدامات بھی ضروری ہیں۔ دہشت گرد یہ کیوں نہیں سوچتے کہ ان کی خطاؤں کی سزا پوری قوم کو ملتی ہے۔

☆☆☆

9395381226

# امریکہ اور چین کے درمیان پھنسا ہندوستان

## پی چدمبرم

ہندوستان میں درآمدات اور برآمدات کا کیا حال ہے اور ہماری معیشت کس سمت میں رواں دواں ہے، یہ سب جانتے ہیں اور کچھ ایسے بھی ہیں جو سب کچھ جان کر ایسے ظاہر کرتے ہیں جیسے ہم کچھ نہیں جانتے اور شاید دوسرے لوگ بھی حالات سے واقف نہیں ہیں۔ بہرحال غیر واضح ناموں کے ساتھ عنوان کا انتخاب کرتے ہوئے راقم الحروف انگریزی محاوروں سے متعلق اپنے علم کو ظاہر کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ میں بالکل محفوظ کھیل کھیل رہا ہوں۔ آپ کو بتادوں کے انگریزی کا ایک جانا پہچانا محاورہ ہے:Between the devil and deep sea یعنی ایسے مشکل حالات جس میں آپ کے دو امکان یا انتخاب رہ جاتے ہیں اور دونوں ناخوشگوار انتخاب ہوتے ہیں۔ اس محاورہ نے فوراً یہ سوال اُٹھایا ہوگا کہ شیطان کون ہے اور گہرا سمندر کونسا ہے؟ ٹیرف کی موجودہ جنگ 2 اپریل 2025ء کو شروع ہوئی اور اس جنگ میں ہمارے وطن عزیز ہندوستان کو دو ممالک امریکہ اور چین سے چیلنج کا سامنا ہے۔ ایک تو غیر واضح Scylla اور دوسرا غیر واضح CHARYBDIS ہے۔ (واضح رہے کہ یہ دونوں یونانی اساطری کہانیوں کے دو طاقتور راکشسیں ہیں جو ملاحوں کیلئے بہت بڑا خطرہ بنتے ہیں۔ Scylla کے 6 سروں والا سمندری راکشسیں ہے جبکہ CHARYBDIS ایک طاقتور بھنور کی شکل میں اپنا کام کرتا ہے، اس طرح یہ دونوں وہاں سے گذرنے والے ملاحوں کیلئے خطرناک ثابت ہوتے ہیں)۔ ایسے ہی موجودہ تناظر میں امریکہ اور چین ناخوشگوار متبادل ہیں۔

مسئلہ کا ایک رُخ: امریکہ اور چین کے ساتھ 2024-25ء میں ہندوستان کی تجارت کا جہاں تک سوال ہے، مالی سال 25-2024ء میں امریکی برآمدات 86.51 ارب ڈالرس اور چینی برآمدات 14.25 ارب ڈالرس رہی جبکہ دنیا بھر کیلئے برآمدات 437.42 ارب ڈالرس درج کی گئی۔ اب بات کرتے ہیں۔ درآمدات کی مذکورہ مدت میں امریکی درآمدات 45.3 ارب ڈالر ہیں، چینی درآمدات 113.45 ارب ڈالرس اور دنیا سے ہونے والی درآمدات 720.24 ارب ڈالرس رہی۔ اس طرح فاضل خسارہ امریکہ کے معاملے میں + 41.21 ارب ڈالرس، چین کے ساتھ تجارتی خسارہ 99.20، ارب ڈالرس اور دنیا بھر کے ملکوں کے ساتھ تجارت کے معاملے میں 282.82 ارب ڈالرس رہا۔ اس طرح ہندوستان کو دنیا کی دو سب سے بڑی معیشتوں سے نمٹنے کے دوران دو متضاد چیلنجوں کا سامنا ہے۔ امریکہ کے ساتھ ہمارے پاس تجارتی اکاؤنٹ میں اضافی رقم ہے۔ امریکہ کو ہماری بڑی برآمدات، جواہرات، زیورات، ادویات، انجینئرنگ کے ساز و سامان، الیکٹرانکس اور کچھ زرعی مصنوعات ہیں۔ مسابقتی قیمتوں پر معیاری ادویات کے ساتھ ساتھ دیگر اشیاء وہ سامان یا مصنوعات ہیں جو امریکہ دوسرے ملکوں سے درآمد کرسکتا ہے لیکن برآمد کی ہر شئے لاکھوں ہندوستانی مرد و خواتین کی روزی روٹی یعنی آمدنی کا ذریعہ ہے۔ تجارتی اکاؤنٹ میں اضافہ کو ٹرمپ کے محاصل یا ٹیرف عائد کرنے کے ادارے سے خطرہ ہے جبکہ ایک توقف ہے اور ادویہ سازی کو عارضی طور پر استثنیٰ حاصل ہے۔ ہندوستان پر محاصل یا ٹیرف کی تلوار لٹک رہی ہے۔ یہاں اس بات کا تذکرہ ضروری ہوگا کہ امریکی مارکٹس میں ہندوستانی مصنوعات کو روکنے سے امریکہ کا کوئی فائدہ ہونے والا نہیں ہے اور امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ یہ اچھی طرح جانتے ہیں اور وہ درآمدات کی اجازت دینے ایک راہ تلاش کرلیں گے لیکن اس کی ایک قیمت ہوگی۔ امریکہ یہی چاہتا ہے کہ دوسرے ملک بشمول ہندوستان یہ قیمت ادا کرے۔ جہاں تک ڈونالڈ ٹرمپ کا سوال ہے، وہ ہندوستان پر زور دیں گے، اصرار کریں گے کہ امریکہ سے زیادہ سے زیادہ خریدی کریں (چاہے وہ مصنوعات ہوں یا سامانِ حربی)۔ اس طرح دونوں ملکوں کے درمیان تجارت میں جو عدم توازن پایا جاتا ہے، وہ ختم ہوجانے ار باہمی تجارت میں توازن پیدا ہو۔ میرا اندازہ ہے کہ ٹرمپ ہندوستان پر زیادہ سے زیادہ امریکی آلات حربی اور جنگی طیاروں کو خریدنے پر زور دیں گے اور ان دونوں کی قیمتیں بہت زیادہ ہیں۔ ہندوستان اپنی دیگر ضروریات جیسے آئرن، اسٹیل، نامیاتی کیمیائی اشیاء، پلاسٹکس، معدنیاتی فیولس اور خام تیل اور پٹرولیم کی دیگر مصنوعات دنیا کے دیگر ممالک سے درآمد (امپورٹ) کرسکتا ہے لیکن بڑی ہشیاری کے ساتھ امریکی مصنوعات کا انتخاب بھی کرسکتا ہے، لیکن یہاں سے بڑا سوال یہ ہے کہ ہندوستان حد سے زیادہ قیمتوں والے امریکی جنگی ساز و سامان کی خریدی پر کیسے رقم خرچ کرسکتا ہے، بالالفاظ دیگر برداشت کرسکتا ہے (صدر ٹرمپ نے مودی جی کے دورۂ امریکہ کے موقع پر صاف صاف کہہ دیا تھا کہ ہندوستان کو امریکی جنگی طیارے خریدنے ہوں گے، جن کی قیمتیں اربوں ہندوستانی روپیوں میں ہیں) اب تو امریکہ، ہندوستان پر نیوکلیئر ری ایکٹرس خریدنے پر زور دے رہا ہے۔ ایک بات ضرور ہے کہ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے ٹیرف کے معاملے میں دوسرے ملکوں کی طرح ہندوستان کو بھی برا بھلا کہا ہے اور مودی جی نے بناء کسی احتجاج کے امریکی اشتعال انگیزی کو برداشت کیا اور ہوسکتا ہے کہ وہ ٹرمپ کے ساتھ معاملت کرنے پر مجبور ہوجائیں گے۔

اور دوسرا رُخ: چین کے ساتھ ہندوستان کا مسئلہ امریکہ سے درپیش مسئلہ سے بالکل متضاد بالکل برعکس ہے۔ چین کے ساتھ جہاں تک ہندوستان کے باہمی تجارتی خسارے کا سوال ہے، وہ بہت زیادہ ہے اور گزرتے وقت کے ساتھ اس میں مسلسل اضافہ ہی ہوتا جا رہا ہے۔ آپ کو یہ جان کر حیرت ہوگی کہ چین کے ساتھ ہندوستان کا تجارتی خسارہ 100 ارب ڈالرس تک پہنچ گیا ہے۔ ہندوستان میں ہر طرح چینی مصنوعات کی فروخت جاری ہے۔ (ایسا لگتا ہے کہ ہندوستانی باشندوں کو چینی مصنوعات کی خریدی اور اس کے استعمال کی عادت سی ہوگئی ہے)۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ الیکٹریکل اور الیکٹرانک آلات، مشنری، نامیاتی کیمیائی اشیاء، پلاسٹکس، آئرن اور اسٹیل کیلئے ہندوستانی صنعت پوری طرح چین پر انحصار کئے ہوئے ہے اراس کی سب سے اہم وجہ یہ ہے کہ چینی مصنوعات کی قیمتیں بہت کم ہوتی ہیں (بعض مرتبہ تو ان کی قیمت اس قدر کم ہوتی ہیں کہ انہیں Dump کردیا جاتا ہے)۔ چینی مصنوعات کی قیمتوں سے مسابقت کیلئے ہندوستان کے پاس بہت کم متبادل ہیں، ساتھ ہی ڈیلیوری ٹائم کے معاملے میں بھی۔ یہی حال ہے جب تک ہندوستان اپنی گھریلو مینوفیکچرنگ شعبہ کو اَپ گریڈ نہیں کرتا، اس میں توسیع نہیں کرتا، تب تک یہ مسئلہ باقی رہے گا۔ جی ڈی پی میں ہماری مینوفیکچرنگ سیکٹر کا حصہ 13.14% ہے۔ اسی طرح ہندوستان، چین پر منحصر رہے گا۔ آپ کو یہ بتانا بھی ضروری سمجھتے ہیں کہ چین کو جو ہندوستانی برآمدات ہیں وہ زیادہ تر کنزیومر گڈس، معدنیات، پٹرولیم پر مبنی فیولس، Marine Food، کاٹن یارن اور چند زرعی مصنوعات ہیں، بظاہر کچھ اقدار پر مبنی اشیاء بھی ہیں جنہیں ہندوستان، چین کو برآمد کرسکتا ہے۔ یہ ایسی اشیاء ہیں جن کی پیداوار اپنے ملک میں چینی حکومت نہیں کرسکتی اور نہ ہی ہندوستان کو چھوڑ کر دوسرے ملکوں سے منگوا سکتی ہے۔ آج تجارتی شعبہ میں خاص کر چین کے ساتھ ہندوستان کا جو تجارتی خسارہ 100 ارب ڈالرس تک پہنچا ہے، اس کیلئے دراصل مودی حکومت ذمہ دار ہے، کیونکہ مودی حکومت نے ہندوستان کے مینوفیکچرنگ شعبہ کو بالکل نظر انداز کردیا ہے، چین تو ہندوستان سے زیادہ مصنوعات امپورٹ کرنے کیلئے تیار ہے۔

سابق مرکزی وزیر داخلہ

مضمون و مراسلہ نگار کی آراء سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں

# اودھ نامہ

## پندرہ منٹ کا بلیک آؤٹ

وقف ترمیمی قانون کے خلاف ملک گیر بتی گل احتجاج، 15 منٹ لائٹیں بند کر کے مخالفت کا اظہار کیا گیا۔ حکومت ہند کی طرف سے لائے گئے وقف ترمیمی قانون کے خلاف آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کی اپیل پر ملک بھر میں رات نو بجے سے سوا نو بجے تک بتی بند کر کے احتجاج کیا گیا، پرسنل لا بورڈ کی طرف سے اس عجیب و غریب اپیل پر متعدد شہروں میں عوام نے لبیک کہتے ہوئے اس بتی گل پروگرام میں بھرپور شرکت کر اپنے علما اور قائدین پر بھروسہ جتایا اور انھیں یہ احساس دلایا کہ آپ کی طرف سے کئے گئے اعلان پر ہم نے لبیک کہا ہے اس لئے آپ کو مایوس ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس بھرپور احتجاج نے یہ احساس بھی دلایا کہ بھلے ہی ہم چھوٹ چھوٹ ایشوز پر آپسی اختلاف رکھتے ہوں اور لاکھ کوششوں کے باوجود بھی اتفق رائے نہ ہوتے ہوں لیکن جب بات شریعت اور اس کے قانون کی آ جائے تو ہم سارے اختلافات بھلا کر متحد ہو جاتے ہیں۔ ایسا صرف اس مرتبہ ہی نہیں ہوا ہے بلکہ ہماری ماضی کی تاریخ گواہ ہے کہ جب جب کوئی بڑا مسئلہ سامنے آیا ہے تو تمام مسلمانوں نے فرقہ، مسلک اور نظریات سے اوپر اٹھ کر اپنے اتحاد کا مظارہ کیا ہے۔

قابل ذکر ہے کہ ملک بھر میں وقف ترمیمی قانون 2025 کے خلاف آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کی اپیل پر گزشتہ شب (30 اپریل) کو رات نو بجے سے سوا نو بجے تک 15 منٹ کا علامتی احتجاج کیا گیا، جس کے تحت لوگوں نے اپنے گھروں، دکانوں اور دفاتر کی لائٹیں پندرہ منٹ تک بند رکھیں۔ اس پر امن احتجاج کو بتی گل تحریک کا نام دیا گیا، جس کا مقصد حکومت کو یہ پیغام دینا تھا کہ مجوزہ قانون عوامی مفاد اور آئینی اقدار کے خلاف ہے۔ احتجاج میں دہلی، لکھنؤ، حیدرآباد، کولکاتا، پٹنہ، احمد آباد، ممبئی، بھوپال، بنگلور و اور دیگر کئی شہروں کے لوگوں نے شرکت کی۔ کئی مساجد، مدارس اور سماجی تنظیموں نے بھی اس علامتی احتجاج کی حمایت کی۔ حیدرآباد میں آل انڈیا مجلس اتحاد المسلمین (اے آئی ایم آئی ایم) کے صدر اور رکن پارلیمنٹ اسدالدین اویسی نے بھی اس احتجاج میں حصہ لیتے ہوئے اپنے گھر کی لائٹیں بند کیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اس احتجاج میں شامل ہوکر وزیر اعظم نریندر مودی کو یہ پیغام دیں کہ یہ قانون بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک یہ بل واپس نہیں لیا جاتا، مختلف شہروں میں مختلف طریقوں سے احتجاج جاری رہے گا۔

احتجاج کے بعد آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ نے اسے عوامی سطح پر کامیاب قرار دیا اور کہا کہ یہ احتجاج صرف آغاز ہے۔ بورڈ کی جانب سے آئندہ کے لیے ایک احتجاجی شیڈول بھی جاری کیا گیا ہے، جس کے مطابق یکم جون کو حیدرآباد میں ایک بڑا دھرنا مظاہرہ منعقد کیا جائے گا، جبکہ مئی کے وسط میں انسانی زنجیر، گول میز کانفرنس اور خواتین کے اجتماعات بھی منعقد کیے جائیں گے۔ اس احتجاج کی خاص بات یہ رہی کہ کسی قسم کی بدنظمی یا قانون شکنی کی اطلاع کہیں سے بھی نہیں ملی۔ یہ احتجاج مکمل طور پر پرامن، علامتی اور منظم انداز میں کیا گیا، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ عوامی بیداری میں اضافہ ہو رہا ہے۔ یاد رہے کہ حالیہ دنوں میں پارلیمنٹ سے منظور ہونے والے وقف ترمیمی قانون کو لے کر ملک بھر میں تشویش پائی جا رہی ہے۔ قانون کے مخالفین کا کہنا ہے کہ یہ قانون وقف جائیدادوں پر حکومتی مداخلت کو قانونی جواز فراہم کرتا ہے، جو آئین کے تحت دیے گئے مذہبی اور بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔

آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ نے عندیہ دیا ہے کہ اگر مرکزی حکومت اس قانون پر نظر ثانی نہ کرے تو وہ عدالتی چارہ جوئی سے بھی گریز نہیں کرے گا۔ اور اب یہ مسئلہ سپریم کورٹ میں زیر سماعت ہے۔ گزشتہ دو روزہ سماعت کے دوران سپریم ورٹ کی بنچ نے حکومت سے کچھ ایسے سوالات کئے تھے جن کے جواب سالیسیٹر جنرل نہیں دے پائے تھے اور ایک ہفتہ کا وقت طلب کیا تھا جسے عدالت عظمیٰ نے منظور کر لیا تھا۔ حالانکہ دو روز قبل حکومت کی طرف سے تفصیلی جواب داخل کر دیا گیا ہے جس میں حکومت اپنے موقف پر نہ صرف قائم ہے بلکہ اس نے عدالت سے درخواست کی ہے کہ سماعت مکمل ہونے تک کوئی عبوری حکم نہ صادر کرے۔ جب تک مقدمہ عدالت میں زیر سماعت ہے اس کے ممکنہ فیصلہ کے تعلق سے کچھ کہا نہیں جا سکتا۔ لیکن ابتدائی سماعت کے بعد حکومتی نمائندے متفکر نظر آنے لگے ہیں اور نتیجہ یہ ہوا کہ اب سپریم کورٹ کے طریقہ کار اور دائرہ اختیار پر بھی تنقید یں کی جانے لگی ہیں۔ ایک طرف تو مقدمہ عدالت میں زیر سماعت ہے اور دوسری طف احتجاجی جلسے اور مظاہرے بھی جاری ہیں۔ ان احتجاجی مظاہوں کا حکومت وقت پر کوئی اثر پڑے گا اس کی کوئی امید بھی نہیں کی جاسکتی۔ مگر بتی گل دتحریک نے یہ واضح کیا ہے کہ وقف قانون کے معاملے پر ملک کا مسلمان فکر مند ہے۔

مالک، پبلشر، پرنٹر و ایڈیٹر تقدیس فاطمہ رضوی نے گروپ 5 پبلی کیشن 55بی۔ وزیر حسن روڈ، لکھنؤ سے چھپوا کر پہلی منزل مسجد نور محل ساکیت پلی نرہی، لکھنؤ سے شائع کیا۔ ریزیڈنٹ ایڈیٹر: ڈاکٹر ہارون رشید
Proprietor, Publisher, Printer and Editor, Taqdees Fatima Rizvi printed at Group 5 Publication, 55B, Wazir Hasan Road, Lucknow, and published from Masjid Noor Mahal, First Floor, Saket Palli Narhi, Lucknow. , Resident Editor: Dr. Haroon Rasheed, avadhnama@gmail.com, Ph:0522-3506829, 9335135181

# اسلام میں ملازمین اور مزدوروں کے حقوق



ڈاکٹر سراج الدین ندوی

آج یکم مئی ہے۔اس تاریخ کو"عالمی یوم مزدور" (International Labour Day) کے طور پر منایا جاتا ہے۔کہتے ہیں کہ 1886 میں اس دن امریکہ کے شہر شکاگو میں مزدوروں نے سرمایہ داروں،کارخانہ داروں اور فیکٹری مالکوں کے استحصال کے خلاف ہڑتال اور مظاہرے کیے،جواباً پولس نے گولیاں چلائیں اور کئی مزدور ہلاک ہوگئے۔ان ہلاکتوں کے بعد یہ تحریک زور پکڑ گئی اور بالآخر اپنے مطالبات منوانے میں کامیاب ہوئی۔مزدوروں کے حقوق متعین ہوئے اور ان کے کام کا دورانیہ 8 گھنٹے طے کیا گیا۔اسی لیے اس دن کو"عالمی یوم مزدور" کے طور پر منایا جاتا ہے اور محنت کشوں کی حقوق کی بات کی جاتی ہے۔مگر دین اسلام نے ڈیڑھ ہزار سال پہلے مزدوروں،محنت کشوں اور کمزوروں کے حقوق بیان فرمائے اور نبی اکرم ﷺ نے عملاً ان کو نافذ کیا۔عام طور پر مسلمانوں کا جدید تعلیم یافتہ طبقہ اسلام کی ان تعلیمات سے ناآشنا ہے اور بدقسمتی سے ہمارا مذہبی طبقہ ان موضوعات پر کم ہی اظہار خیال کرتا ہے۔ضرورت اس بات کی ہے کہ اسلام کی انسانیت پر مبنی تعلیمات کو دنیا کے سامنے عام کیا جائے اور عملاً مسلم سوسائٹی ان کو نافذ کرے۔

اس ضمن میں ایک حدیث سب سے مشہور ہے۔یہ حدیث مزدوروں کے حقوق کی جامع ہے۔اگر اسی ایک حدیث پر عمل کرلیا جائے تو مزدوروں کے بہت سے مسائل حل ہوسکتے ہیں۔اس حدیث کو ہر کارخانہ،فیکٹری یا ایسے اداروں میں نمایاں مقام پر آویزاں کیا جانا چاہئے جہاں مزدور کام کرتے ہوں۔آپ ﷺ نے فرمایا:" مزدور کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے اس کی مزدوری اسے دے دو۔"(ابن ماجہ)

یعنی اگر آپ نے کسی کو ملازم رکھا ہے یا کوئی مزدور آپ کے یہاں کام کررہا ہے تو اس کی تنخواہ یا مزدوری دینے میں کسی ٹال مٹول یا تاخیر سے کام نہ لیجئے۔جو شخص خون پسینہ ایک کرکے اپنے جسم کو آپ کے لیے گھلا رہا ہے اس کا حق ادا کرنے میں کوتاہی کرنا بہت بڑا ظلم ہے۔کام پورا ہونے پر یا وقت مکمل ہوجانے پر فوراً معاوضہ کی ادائیگی کردیجئے۔کسی ملازم یا مزدور سے کام لینا اور وقت پر اسے اجرت نہ دینا یا کم اجرت دینا یا کوئی بہانہ بنا کر اس کی نوکری یا مزدوری سے پیسہ کاٹ لینا یا اسے اجرت دیے بغیر اسے نوکری سے ہٹا دینا بدترین قسم کا گناہ ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:"قیامت کے دن میں تین آدمیوں کا دشمن ہوں گا اور جس کا میں دشمن ہوں گا اس پر میں قیامت کے دن غالب آؤں گا:(۱)وہ شخص جس نے میرا نام لے کر عہد کیا اور پھر اس کو توڑ ڈالا۔(۲)وہ شخص جس نے کسی آزاد شخص کو بیچ ڈالا اور اس کی قیمت کھائی۔(۳)وہ شخص جس نے کسی کو مزدوری پر رکھا، اس سے پورا کام لیا مگر اس کی مزدوری نہ دی۔"

ملازموں اور نوکروں کے ساتھ حسنِ سلوک کیجئے۔ان کے جذبات کا خیال رکھئے۔شائستہ لب ولہجہ میں ان کے ساتھ گفتگو کیجئے۔کبھی بھی کرخت لب ولہجہ اور ناروا سلوک نہ کیجئے۔حضرت انسؓ ایک طویل عرصے تک آنحضور ﷺ کے خادم رہے۔وہ کہتے ہیں کہ میں نے سفر وحضر میں آپؐ کی خدمت کی (اور اس تمام مدت میں) اگر میں نے کوئی کام کیا تو آپؐ نے اس کے بارے میں کبھی یہ نہیں فرمایا کہ یہ کام تو نے ایسے کیوں کیا اور اگر میں نے کوئی کام نہ کیا تو آپؐ نے اس کے بارے میں کبھی یہ نہ فرمایا کہ یہ کام تو نے ایسے کیوں نہیں کیا۔(بخاری)

اگر نوکر یا مزدور سے کوئی غلطی ہوجائے یا وہ آپ کی بات کو نہ سمجھ سکے اور آپ کے حکم کو نہ بجالائے تو اس کو معاف کردیجئے۔وہ بھی آپ کی طرح انسان ہے۔اس سے بھی غلطی ہوسکتی ہے۔حتی الامکان اس کی غلطی کو نظرانداز کیجئے۔عفوودرگزر سے کام لیجئے اور اسے سزا دینے سے اجتناب کیجئے۔





حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ اے اللہ کے رسولؐ میں خادم کو کتنی بار معاف کیا کروں؟ آپؐ نے فرمایا:"ہر روز ستر مرتبہ۔"(ترمذی)

رافع بن مکیثؓ بیان کرتے ہیں۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔" غلاموں (مزدوروں) کے ساتھ حسنِ سلوک سے پیش آنا (باعث) برکت ہے اور بدخلقی (باعث) نحوست ہے۔"(ابوداؤد)

یہ بات یاد رکھئے کہ اب غلام نہیں ہوتے ہیں۔اسلام کا ایک بڑا احسان یہ بھی ہے کہ اس نے بڑی حکمت اور تدریج کے ساتھ مسلم معاشرہ سے غلامی کا خاتمہ کردیا تھا۔اس لیے احادیث میں جہاں بھی ان کے حقوق وفرائض کا تذکرہ آئے اسے آج کل کے مزدوروں،ماتحتوں، ملازموں اور نوکروں پر منطبق کرنا چاہیے۔

نوکروں اور ملازموں سے ان کی طاقت اور صلاحیت کے مطابق کام لیجئے۔ان کی استعداد سے زیادہ کام لینا ان پر بہت بڑی زیادتی ہے۔ان سے اگر کھانے پینے اور کپڑے کی شرائط بھی طے ہوئی ہیں تو انہیں وہی کھلایئے جو آپ خود کھاتے ہیں۔ویسا ہی انہیں پہنایئے جیسا آپ پہنتے ہیں۔

حضرت معرورؓ بن سوید بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ ایک جوڑا پہنے ہوئے تھے اور آپ کا غلام بھی ویسا ہی جوڑا پہنے ہوئے تھا۔میں نے آپؓ سے اس کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے عہد میں ایک شخص کو (جو غلام تھا) گالی دی اور اسے ماں سے عار دلائی۔وہ شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور حضور ﷺ کو یہ بات بتائی۔اس پر حضور ﷺ نے فرمایا:(اے ابوذر) تو ایسا شخص ہے جس میں (ابھی) جاہلیت (کا اثر باقی) ہے۔یہ غلام تمہارے بھائی ہیں اور تمہارے مملوک ہیں۔اللہ نے انہیں تمہارے لیے زیردست کردیا ہے پس جس شخص کا بھائی اس کے زیردست ہو اسے چاہیے کہ جو خود کھائے وہی اسے کھلائے اور جو خود پہنے وہی اسے پہنائے اور تم لوگ انہیں ایسے کاموں پر مجبور نہ کرو جو اُن پر شاق ہوں اور اگر تمہیں انہیں کسی ایسے کام پر مجبور کرنا ہی پڑے تو پھر اس کام میں خود ان کی مدد کرو۔(مسلم)

اگر آپ نے کسی خادم یا خادمہ سے کھانا بنوایا ہے تو اسے بھی اپنے ساتھ کھلایئے اس میں کوئی عار تک محسوس نہ کیجئے بلکہ اسے اپنے لیے باعث خیر وبرکت سمجھئے۔

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول خدا ﷺ نے فرمایا:"کہ جب تم میں سے کوئی خادم (اس کے لیے کھانا تیار کرکے لائے اور اس طرح) اُسے اپنا کھانا (خود) تیار کرنے اور (تیار کرتے ہوئے) گرمی اور دھوئیں کی تکلیف اٹھانے سے بچالے تو اُس (مالک) کو چاہیے کہ خادم کا ہاتھ پکڑ کر اُسے اپنے ساتھ (کھانے پر) بٹھالے۔پھر اگر اسے انکار ہو (یا خادم تواضع کے باعث مالک کے ساتھ کھانا کھانے سے انکار کردے) تو (مالک) کو چاہیے کہ ایک لقمہ ہی لے کر اُسے کھلا دے۔"(ترمذی)

نوکروں اور ملازموں کو عزت دیجئے۔انہیں ہرگز اپنے سے حقیر نہ سمجھئے۔سماجی اور معاشی طور پر انہیں اونچا اٹھانے کی کوشش کیجئے۔ایسے مواقع فراہم کیجئے کہ نوکر اور ملازم بھی خوشحال بن سکیں اور وہ سماج میں باوقار زندگی گزار سکیں۔اسلام نے غلاموں کو عزت ورفعت بخش کر یہ تعلیم دی ہے کہ نوکروں،ملازموں،زیردستوں اور پسماندہ افراد اور قوموں کو وقعت عطا کرکے انہیں سماج میں لایا جائے۔

نوکروں،ملازموں،مزدوروں کے ساتھ سخت رویہ نہ اپنایئے۔سخت اور ترش باتوں سے پرہیز کیجئے۔انہیں مارنے،سزا دینے اور ان پر سختی کرنے سے اجتناب کیجئے۔

حضرت ابومسعود انصاریؓ بیان کرتے ہیں کہ میں اپنے غلام کو مار رہا تھا کہ میں نے اپنے پیچھے سے ایک آواز سنی کہ اے ابومسعود! جان لے کہ جتنی قدرت تجھے اس غلام پر حاصل ہے خدا کو اس سے زیادہ قدرت تجھ پر حاصل ہے۔میں نے مڑکر دیکھا تو رسول اللہ ﷺ تھے۔میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ! یہ اللہ تعالیٰ کے لیے آزاد ہے۔اس پر حضور ﷺ نے فرمایا کہ اگر تو ایسا نہ کرتا تو (جہنم) کی آگ تجھے جلا دیتی یا آپؐ نے یوں فرمایا کہ (جہنم کی) آگ تجھے چھولیتی۔(مسلم)

حضرت ابوبکر صدیق ؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ"اپنے غلاموں اور کنیزوں سے برا سلوک کرنے والا جنت میں داخل نہ ہوگا۔"(مشکوٰۃ)

کوئی ملازم یا مزدور اگر کسی وجہ سے اپنی تنخواہ یا اجرت نہ لے جاسکے تو اس کو حفاظت سے رکھئے۔ممکن ہو تو اس رقم کو اپنے کاروبار میں لگا کر اس میں اضافہ کی شکل پیدا کیجئے اور جب کبھی مزدور یا ملازم اپنا حق لینے آئے تو اسے خوشی خوشی دے دیجئے۔اس سلسلہ میں احادیث میں ایک بڑا سبق آموز واقعہ ہمیں ملتا ہے۔یہ ان تین لوگوں کا قصہ ہے جنھوں نے ایک غار میں پناہ لی تھی،بدقسمتی سے غار کا دہانہ ایک بھاری چٹان سے بند ہوگیا تھا۔پھر ان تینوں نے اپنے نیک عمل کا حوالہ دیتے ہوئے اللہ سے دعا کی تھی اور غار کا منھ کھل گیا تھا۔۔ان تین میں سے ایک کی دعا کے الفاظ اس طرح تھے۔

"اے خدا! ایک بار میں نے کچھ مزدوروں کو اجرت پر رکھا۔جب کام ختم ہوگیا تو میں نے ان کی مزدوری ان کے حوالے کردی۔البتہ ایک مزدور مزدوری لیے بغیر چلا گیا۔میں نے اس کی مزدوری کو کاروبار میں لگا دیا۔کاروبار بہت فائدہ بخش ثابت ہوا اور یہ معمولی سی مزدوری بڑھتے بڑھتے بہت بڑے سرمائے میں تبدیل ہوگئی۔ایک مدت کے بعد وہ میرے پاس آیا اور اس نے اپنی مزدوری طلب کی۔میں نے اس سے کہا:"تم جو یہ بکریاں،گائیں اور غلام دیکھ رہے ہو،سب تمہاری مزدوری ہے۔جاؤ یہ سب کچھ لے جاؤ"۔اس کو یقین نہ آیا۔اس نے سمجھا کہ میں مذاق کررہا ہوں۔چنانچہ وہ بولا:"آپ مجھ سے مذاق نہ کریں۔مجھے آپ صرف میری مزدوری دے دیں۔میں اس وقت سخت ضرورت مند ہوں"۔میں نے اس سے کہا کہ میں تم سے مذاق نہیں کررہا ہوں چنانچہ اس نے وہ سب مال ومتاع لے لیا اور کچھ نہیں چھوڑا۔اے اللہ اگر میں نے یہ کام تیری رضا کے لیے کیا ہے تو اس مصیبت سے ہم کو نجات دے۔"چنانچہ وہ چٹان مزید کھسکی اور غار کا منھ کھل گیا۔یہ تینوں مسافر باہر نکل آئے اور چلتے بنے۔(متفق علیہ)

آپ بھی مزدوروں کے ساتھ حسن سلوک کیجیے،ان کی مزدوری پوری دیجیے اور وقت پر ادا کیجیے۔یقین کیجیے اللہ تعالیٰ آپ سے خوش ہوجائے گا اور آپ کو دنیا میں بھی انعامات سے نوازے گا اور آخرت میں بھی جنت عطا فرمائے گا۔

چیرمین ملت اکیڈمی۔بجنور
9897334419

## مزدور



محمد عباس دھالیوال

ہاں میں مزدور ہوں......
جس نے ہمیشہ خواہشات کا گلا گھونٹ،
ارمانوں کا قتل کر اپنی ضرورتوں کو بمشکل پورا کیا۔
جس نے غربت کا درد سہتے ہوئے،
اپنی روح تک کو چھلنی کیا۔
جس کی محنت صدقہ چمنیوں سے نکلتے والے
دھوئیں نے صنعتی گھرانوں کو خوشحال کیا۔
لیکن پھر بھی اہلِ دولت نے میرا استحصال کیا۔
ہاں میں مزدور ہوں......
جس نے چین کی دیوار سے لے کر لال قلعے تک اُسارے!
جس نے خود کی محبت کا گلا گھونٹ۔
شاہ جہاں ممتاز کی محبت کو لاثانی کیا۔
ہاں میں مزدور ہوں......
میرے بہت سے رنگ اور روپ ہیں
لیکن کہتے ہیں جسے تقدیر!
وہ لگتا ہے سب کی ایک ہے۔
ہاں، میں مزدور ہوں...
میں زیر تعمیر عمارات، فیکٹریوں،
اور کھیت و کھلیانوں میں موجود ہوں!
میں اکثر سرکاری و پرائیویٹ دفاتر میں..
حاکموں کی صلواتیں سننے کو مجبور ہوں۔
ہاں، میں مزدور ہوں!
قدرتی آفات ہوں کہ فرقہ وارانہ فسادات کوئی۔
پلیگ ہو کہ دوسری وبا کوئی...
میں ہر جا پہلی صفوں میں
اپنی قربانی دینے کو مجبور ہوں!
ہاں میں مزدور ہوں..!
اکثر سننے میں آیا ہے کہ
انسان بہت ترقی کر گیا ہے۔
چاند پہ تسخیر پا مریخ جانب بڑھ گیا ہے۔
لیکن میرے لیے اب بھی،
روزی روٹی کے مسائل بڑے ہیں۔
کہتے ہیں کہ آئین میں مزدوروں کو بہت حقوق ملے ہیں۔
لیکن حقیقت میں وہ ہماری پہنچ سے پرے ہیں...
اور جن کے حصول کے راستے میں... ڈھیروں گڈھے اور
اندھیرے گھنے ہیں......!
اندھیرے گھنے ہیں..!!
اندھیرے گھنے ہیں......!!

ضلع ملیر کوٹلہ، پنجاب۔

# اسلامی قوانین اور انسانی فطرت کے تقاضے

مولانا سید علی ہاشم عابدی



اسلام دین فطرت ہے، اسلام کے تمام قوانین انسانی فطرت کے عین مطابق ہیں، انسانی زندگی کا کوئی گوشہ ایسا نہیں ہے کہ جس میں اسلام نے اپنا نظریہ نہ بیان کیا ہو۔ اسلام نے انسانی زندگی کے لحظہ لحظہ کے لئے قانون معین کئے ہیں کہ ایک انسان کیسے سوئے اور کیسے بیدار ہو، اس کا ظاہر کیسا ہو اور اس کا باطن کیسا ہو، سفر میں کیسا ہو اور حضر میں کیسا ہو؟

اسی طرح اسلام نے مزدوروں اور ملازموں کے بھی حقوق بیان کئے ہیں اور اہل بیت علیہم السلام نے اس سلسلے میں بھی اپنی سیرت کے نقوش چھوڑے ہیں کہ جن پر چلتے ہوئے نہ مالک مزدور پر ظلم کر سکتا ہے اور نہ ہی مزدور مالک سے خیانت کر سکتا ہے۔

اس سلسلہ میں مندرجہ ذیل نکات قابل غور ہیں۔

1. مزدور سے کام لینے میں عدالت کی رعایت۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اکلوتی یادگار بیٹی حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کی کنیز جناب فضہ تھیں۔ ظاہر ہے گھر کے تمام کام کرنا کنیز کی ذمہ داری ہے اور اس کو ہدایت اور حکم دینا مالکہ کا حق ہے۔ لیکن اس کے برخلاف شہزادی کونین حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا نے جناب فضہ سے فرمایا کہ ایک دن گھر کے کام تم کرو گی اور دوسرے دن گھر کے کام میں کروں گی۔

مزدور کا کیا حق ہے؟ مالک کو چاہیے کہ تمام مزدوروں اور ملازموں کو ایک نظر سے دیکھے اور ہر ایک کو اس کی صلاحیت کے مطابق ذمہ داری دے اسی طرح ہر ایک کی کوتاہی میں ان کے حالات کو بھی پیش نظر رکھے۔ مشہور واقعہ ہے کہ دوسرے دور خلافت میں ایک زانیہ خاتون کو رجم کرنے، سنگسار کرنے کے لئے لے جایا جا رہا تھا، راستہ میں امیر المومنین علیہ السلام کہ نظر پڑی تو پوچھا اسے کہاں لے جا رہے ہو تو حکومت کے کارندوں نے بتایا کہ اس کے گناہ کی سزا دینے اور سنگسار کرنے کے لئے لے جا رہے ہیں، امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا اس کو سنگسار نہ کیا جائے کیونکہ یہ حاملہ خاتون ہے اور حاملہ خاتون کو اس وقت تک سزا نہیں دی جا سکتی جب تک کہ اس کے یہاں ولادت نہ ہو جائے۔

غور طلب بات ہے کہ جب ایک گنہگار کے لئے اسلام کا یہ نظریہ ہو تو جو گنہگار نہ ہوں ان کے لیے اسلام نے کیا بہتر نظریہ رکھا ہوگا۔

2. کام کے انجام پر نظر۔

کسی کے بھی کام پر تعریف یا تنقید کرنے سے پہلے یہ ضرور غور کر لینا چاہیے کہ یہ کام مکمل ہوا یا نہیں۔ عالم تشیع کے عظیم عالم فقیہ مجتہد مرجع عالی قدر آیۃ اللہ العظمٰی بروجردی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں ایک میگزین پیش کی گئی اور درخواست کی گئی کہ آپ اس سلسلے میں کچھ تحریر فرما دیں۔ آپ نے تحریر سے منع کر دیا تو عرض کیا گیا کہ آپ نے فلاں فلاں کتاب پر تو تقریظ لکھی ہے اور لکھنے والے کی ستائش بھی کی ہے۔ آپ نے فرمایا چونکہ وہ کتاب مکمل ہو گئی تھی اور میں نے پوری کتاب پڑھی تو اس پر تقریظ بھی لکھ دی، لیکن یہ میگزین ہے، میگزین کا یہ شمارہ تو اچھا ہے لیکن آئندہ شماروں میں کیا چھپے گا اس کا مجھے علم نہیں لہذا جس چیز کا مجھے علم نہیں تو اس سلسلے میں کوئی تحریر پیش کرنا یا کہنا مناسب نہیں ہے۔

لہذا کام کے سلسلے میں بھی اپنا نظریہ بیان کرنے سے پہلے انجام کار پر ضرور غور کر لینا چاہیے کہ ایسا نہ ہو کہ ہم غلط کو صحیح یا صحیح کو غلط کہہ دیں۔

3. صلاحیتوں میں فرق اجتماعی زندگی کا لازمہ ہے۔

قرآن کریم نے تمام انبیاء علیہم السلام کو برابر نہیں کہا ہے بلکہ بعض پر بعض کی فضیلت بیان کی ہے۔ انسانی ہاتھ کی پانچوں انگلیاں بھی برابر نہیں ہوتیں۔ لہذا جس مزدور یا ملازم کو کوئی ذمہ داری سونپی جائے تو اس کی بھی صلاحیت کو دیکھ کر وہ ذمہ داری سونپی جائے۔ ایک ڈاکٹر کچہری میں کھڑے ہو کر مقدمہ نہیں لڑ سکتا اور نہ ہی ایک انجینیئر علاج کر سکتا ہے۔ لہذا صلاحیتوں کو پرکھ کر ملازم یا مزدور سے کام لینا چاہیے۔

ایک ڈاکٹر اپنے کسی مریض سے کہتا ہے کہ آپ گوشت نہ کھائیں لیکن دال چاول کھائیں، دوسرے مریض سے کہتا ہے کہ آپ دال چاول نہ کھائیں کیونکہ اناج کھانا آپ کے لیے مناسب نہیں ہے، کسی مریض سے کہتا ہے کہ آپ کھانا ہی نہ کھائیں۔ ڈاکٹر کو کسی مریض سے دشمنی نہیں ہے بلکہ جس کی جو حالت ہے اس کے مطابق حکم دیتا ہے۔

4. صلاحیتوں اور ذمہ داریوں کے مطابق تنخواہ دینا۔

جس کی جیسی صلاحیت ہو اور جس کا جیسا کام ہو اور جو جیسی کوشش کرے اس کی اسی صلاحیت، کام اور کوشش کے مطابق مزدوری اور تنخواہ دینی چاہیے لیبر اور کاریگر کی مزدوری برابر نہیں ہو سکتی۔ بلکہ مزدور کی مناسب مزدوری طے ہو اور اس کی غلطی پر نرمی سے پیش آیا جائے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے ایک مزدور کو کام کے لئے بھیجا اس نے کام انجام دیا یا نہیں دیا لیکن وہ واپس نہیں آیا تو امام علیہ السلام اس کی جستجو میں نکلے تو دیکھا کہ وہ سو رہا ہے تو آپ اس کے سرہانے بیٹھ گئے اور ایک کپڑے کو ایسے ہلانے لگے کہ اس کے چہرے پر ہوا لگے۔ جب وہ بیدار ہوا تو آپ نے انتہائی مہربانی اور محبت سے فرمایا کہ تم یارات میں سو اور دن میں کام کرو یا دن کے کسی حصے میں سو اور کام کرو۔ امام عالی مقام نے نہ اس پر غیض وغضب فرمایا اور نہ ہی اس سے کوئی سخت گفتگو کی بلکہ انتہائی نرمی سے اس کو اس کی غلطی کا احساس دلایا۔

اسی طرح روایت میں ہے کہ ایک دن امام علی رضا علیہ السلام نے دیکھا کہ آپ کے غلاموں کے ساتھ ایک سیاہ فام کام کر رہا ہے تو آپ نے اپنے غلاموں سے سوال کیا کہ یہ کون ہے تو انہوں نے بتایا کہ یہ ہمارے ساتھ کام کرتا ہے امام علیہ السلام نے پوچھا کہ تم نے اس کی مزدوری طے کی ہے تو انہوں نے بتایا کہ یہ بہت ہی غریب انسان ہے، ہم اس کو اپنے ساتھ کام پر لگا لیتے ہیں اور شام کو تھوڑا بہت دے دیتے ہیں تو امام رؤوف ناراض ہو گئے اور فرمایا بغیر مزدوری طے کئے ہوئے اگر تم تین برابر بھی مزدوری دو تو مزدور کو اعتراض کا حق ہے کہ تم نے کم دیا ہے لہذا پہلے مزدوری طے کرو اس کے بعد اس سے کام لو۔

5. مزدوری اور ملازمت میں مشکلات

امیر المومنین امام علی علیہ السلام کی حدیث کی روشنی میں مالک یعنی جو کام کرا رہا ہے اس کے اندر مندرجہ ذیل باتیں نہ پائی جائیں

بخیل نہ ہو یعنی جو کام لے رہا ہے وہ کنجوس نہ ہو، دوسرے جاہل نہ ہو۔ یہاں جاہل سے مراد وہ نہیں ہے جو پڑھا لکھا نہ ہو بلکہ وہ مراد ہے جس کے پاس شعور وبصیرت نہ ہو۔ کیونکہ ممکن ہے ایک انسان کے پاس ڈگریاں تو ہوں لیکن شعور نہ ہو اور یہی فقدان شعور کے سبب وہ نہ تو صحیح کام کرا سکتا ہے اور نہ ہی صحیح افراد اس کے ساتھ کام کر سکتے ہیں۔

تیسرے کام کرانے والا رشوت لینے والا نہ ہو، چوتھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اولیاء الہی علیہم السلام کی سنتوں کو نظر انداز کرنے والا نہ ہو۔ بلکہ ہر لحظہ خاص طور سے کام کے وقت سنتیں اس کے پیش نظر رہیں۔ پانچویں جفا کرنے والا نہ ہو یعنی مالک مزدور پر ظلم نہ کرے اس پر جفا نہ کرے۔

(دعائم الاسلام، جلد 2، صفحہ 531)

اس حدیث کے مطابق کام لینے والے کے لئے معیوب ہے کہ وہ کنجوس، جاہل، جفا کار اور رشوت لینے والا ہو۔

اسی طرح جس سے کام لیا جا رہا ہے اسے تجربہ ہو، مالک و مزدور میں حیا پائی جائے، نیک اور صالح ہوں (نہج البلاغہ، خط 53)

مزدور یا مالک میں سے کوئی دھوکہ دینے والا نہ ہو جیسا کہ روایت میں ہے کہ جو دوسرے کو دھوکہ دیتا ہے اسے بھی دھوکہ ملتا ہے۔ (کافی، جلد 5، صفحہ 160)

یعنی نہ مالک مزدور کو دھوکہ دے اور نہ ہی مزدور مالک کو دھوکہ دے۔

6. لقمہ حلال حاصل کریں۔

روایت میں ہے کہ مال حرام نسلوں میں ظاہر ہوتا ہے۔ مزدور کو نہیں چاہیے کہ وہ مالک کے ساتھ دھوکہ کرے اور اس سے اضافی پیسہ لے کیونکہ وہ پیسہ لینا جائز نہیں ہوگا، اسی طرح ملازم اگر ڈیوٹی نہ کرے یا کم کرے تو اس کا تنخواہ لینا جائز نہیں ہوگا۔

امیر المومنین امام علی علیہ السلام کی حدیث کی روشنی میں مالک یا مزدور لالچی نہ ہوں۔ کیونکہ اگر یہ لالچی ہوں گے تو یہ اپنی لالچ میں حلال کے ساتھ ساتھ حرام بھی اکٹھا کریں گے، ممکن ہے اس سے ان کے جسموں کو تو سکون ملے لیکن ان کی روح بے چین اور بیمار پڑ جائے گی۔

خدا ہمیں سیرت اہل بیت علیہم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

☆☆☆☆☆

# جہد مسلسل کا استعارہ: ظہیر احمد شاہ

از قلم محمد فیض اقبال شاہ
9806670205



ممبئی کے گوونڈی جیسے کم تعلیمی علاقے میں جب توقع سے ایک بہت بڑا تعلیمی فیسٹیول بہ نام گوونڈی ایجوفیسٹ منعقد کیا گیا تو اس کے کارفرماؤں میں سے جہاں چند سرگرم تعلیمی، ثقافتی وادبی انجمنیں سامنے آئیں، وہیں دوسری طرف چند ایسے اشخاص کا تعارف بھی ہوا جن کی گراں قدر علمی، تدریسی اور سماجی خدمات اور قوم و ملت کے تئیں ان کے تعمیری جذبات قابل رشک وستائش ہیں اور جو اپنی فعالیت کے باعث جہد مسلسل کا استعارہ ثابت ہوتے ہیں انھی میں قوم وملت کے سچے خیر خواہ، قابل معلم، مخلص رفیق، انسان دوست اور زندگی کے میدان کے سرکردہ سپاہی جناب ظہیر احمد شاہ کی شخصیت ناگزیر ہے



موصوف ظہیر احمد شاہ نے اپنی قاموسی شخصیت کے سبب اپنے عزیز واقارب کے دلوں میں وہ عظمت ومرتبہ پایا ہے کہ جس کی کوئی نظیر نہیں، بہت کم عمر میں انھوں نے وہ سب کچھ حاصل کیا ہے جس کا حصول ایک عرصہ زندگی کرنے کے بعد نصیب ہوتا ہے غرض یہ کہ انھوں نے کم وقت میں بہت کچھ پالیا ہے مگر اس مقام تک آنے کے لیے انھوں نے جس طرح جس انداز سے زندگی کے نشیب وفراز کو دیکھا، جن حالات سے وہ سینہ سپر ہوئے اور جن مراحل کو انھوں مصمم ارادوں سے طے کیا وہ ہمارے لیے درس حیات کے کئی دروا کرتے ہیں

موصوف کا پورا نام ظہیر احمد شاہ نظیر احمد شاہ ہے آپ مہاراشٹر کے ایک چھوٹے شہر چکھلی (بلڈانہ) میں ایک غریب گھرانے میں میں پیدا ہوئے جہاں والد نظیر احمد شاہ اپنے بھرے پورے خانوادے کی کفالت میں کشف معاش کے لیے زندگی سے جھوجھ رہے تھے ظہیر نے شعور کی آنکھ کھولی تو اپنے والد کو سخت محنت کرتے پایا لہذا اسکول ہی کے زمانے سے انھوں نے اپنے والد کا سہارا بننا چاہا جسے ان کے والد نے اس شرط پر رضا مندی دی کہ انھیں اپنی پڑھائی کا سلسلہ کسی طور منقطع نہیں کرنا ہوگا لہذا تعلیم کے سفر کو جاری رکھتے ہوئے ظہیر نے اپنے والد کے ساتھ قدم بہ قدم اپنے خاندان کی کفالت میں بھرپور اعانت کی۔

ظہیر احمد شاہ نے ابتدائی تعلیم میونسپل اردو اسکول نمبر 1 چکھلی میں، پھر اپر پرائمری سے جونیئر کالج تک کی کل تعلیم میونسپل اردو اسکول چکھلی بلڈانہ میں حاصل کی بعد ازاں ڈی ایڈ کے لیے اشاعت العلوم اکل کوا میں داخل ہوئے اور نمایاں نمبرات سے کامیابی حاصل کی دوران تعلیم ظہیر احمد شاہ نے اپنے خاندانی تجارت (پرانے کپڑوں کی دوبارہ فروخت) کو نظرانداز کیا نہ اسے پس پشت ڈالا انھوں نے کامیاب طالب علم کے ساتھ ہی ایک سعادت مند فرزند کے فرائض بھی بلا عار وتر دو انجام دیے واضح رہے ظہیر احمد شاہ بطور مدرس برسر روزگار رہتے ہوئے بھی اپنی خاندانی تجارت کو ترجیح دیتے رہے ہیں یہ دراصل ان کا انکسار ہے جو اپنے آبا واجداد سے انھیں ورثے میں ملا ہے اور جو نہ صرف ہمارے مسلم سماج ومعاشرے میں ان کے قد کو بلند کرتا ہے بلکہ ایک مثال بھی قائم کرتا ہے

ڈی ایڈ کامیاب کرلینے کے بعد 2008 میں ظہیر احمد شاہ کا انتخاب ممبئی کے محکمہ تعلیم میں بطور مدرس ہوا یہاں وہ سچی لگن، دلچسپی، سخت محنت، جانفشانی اور پوری ایمانداری ودیانت داری سے اپنے پیشے سے انصاف کرتے رہے ہیں تدریسی پیشے میں وہ بڑے ماہر اور قابل اساتذہ میں شمار کیے جاتے ہیں نیز اسکول کی دیگر ذمہ داریوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں اسکول کے بیشتر کام انھی کے ذمے ہوتے ہیں علاوہ ازیں اپنے منصبی ذمہ داریوں کے ساتھ ہی دیگر سماجی فلاحی کاموں میں بھی مصروف رہتے ہیں مہینوں تک انھوں فی سبیل اللہ ایسے جوانوں، نوجوانوں اور بزرگوں کو بنیادی تعلیم کے زیور سے آراستہ کیا کہ جو دن بھر محنت مزدوری کرتے ہیں، رکشہ چلاتے ہیں، ہوٹلوں اور دکانوں میں کام کرتے اور چاہتے ہیں کہ عمر کے اس حصے میں ہم کسی طرح، کسی مقدار میں علم حاصل کرلیں تاکہ یہ علم متعدد جگہوں اور معاملوں میں ہمارے کام آئے نیز ظہیر سر کے ذریعے حاصل شدہ یہ تھوڑا بہت علم ہماری اولاد کی پرورش وتربیت میں کارگر ثابت ہو سکے ظہیر شاہ اسی طرح کے کئی دیگر سماجی کاموں میں بھی پیش پیش رہتے ہیں معمار فاؤنڈیشن میں شمولیت پر موصوف کے پیش نظر یہی جذبہ رہا

معمار فاؤنڈیشن ممبئی، ممبئی کا ایک مشہور تعلیمی، ادبی، ثقافتی اور سماجی ادارہ ہے اس ادارے کے بنیاد گزاروں میں موصوف ظہیر احمد شاہ بھی شامل ہیں، جنھوں نے اپنی لازوال خدمات سے فاؤنڈیشن کے تمام اراکین کا دل جیتا ہے آپ نہ صرف یہاں خازن جیسے اہم عہدے پر فائز ہیں بلکہ ادارے کی زیادہ تر ذمہ داریاں اپنے کاندھوں پر لے لیتے ہیں اور انھیں پایہ تکمیل تک پہنچانے میں کسی سرکردہ سپاہی کی طرح جوش وخروش کے ساتھ سامنے واقع ہوتے ہیں دوسری طرف بڑے ذمہ دار اور باصلاحیت ہونے کے ناطے بھی ادارے کے بیشتر اہم تکنیکی اور انتظامی امور انھی کے سپرد کیے جاتے ہیں یوں کہہ سکتے ہیں کہ ظہیر احمد شاہ معمار فاؤنڈیشن کی ریڑھ کی ہڈی ہیں

چند برس قبل ایم ایل اے رئیس شیخ کی قیادت میں جب معمار فاؤنڈیشن نے ممبئی کے گوونڈی جیسے علاقے میں ایک ایجوفیسٹ بنام گوونڈی ایجوفیسٹ کے انعقاد میں حصہ لیا تو اس میں ظہیر نے اپنا بیسٹ، اپنی بہترین عملی خدمات پیش کیں راتوں کی نیند اڑا دینے والی ان پہاڑ جیسی ذمہ داریوں نے سبھی کو پریشان کر رکھا تھا، یہ فنکشن کسی نوشتہ دیوار کی طرح سبھی پر مسلط تھا تاہم ظہیر نے اس بار کو بہت ہی احسن طریقے ڈھویا، بغیر صلہ وستائش اپنی ذمہ داریوں کی انجام دہی میں منہمک رہے اور اس پورے فیسٹیول میں نمایاں خدمات انجام دینے والوں میں اپنی پہچان بنائی

سانولی رنگت، پست قد اور بہت سادے سے کپڑے زیب تن کیے، سیدھی سچی باتیں کرتے ایک عام سے دکھائی دینے والے ظہیر احمد شاہ کے متعلق جیسا کہ ذکر کیا گیا کہ آپ متنوع صفات کے مالک ہیں، ان صفات میں خلوص، ایثار اور امداد باہمی کا وصف وجذبہ سب سے اہم ہے معمار فاؤنڈیشن کے ماتحت معمار بلاسودی انجمن چلائی جاتی ہے جس میں بغیر سود بر ضرورت مند اراکین کو قرض دیا جاتا ہے اس شعبہ کے آپ سب سے اہم رکن ہیں بلاسودی انجمن کے تقریباً تمام اہم کام آپ ہی سنبھال رہے ہیں گویا یہ کہ اس انجمن کے ذریعے وہ بہت سے ضرورت مند اراکین کی مدد کررہے ہیں

ظہیر احمد شاہ کو اپنی بے مثال ولامتناہی تعلیمی اور سماجی خدمات کے لیے کئی بار مختلف اعزازات اور ایوارڈز سے سرفراز کیا گیا کئی اداروں نے ان کی خدمات کا اعتراف کیا تب بھی ان کے خلوص، ان کے ایثار اور جذبے کا اصل اجر تو رب العالمین کے پاس ہے دعا ہے ظہیر شاہ زندگی کے میدان میں اسی طرح سرگرم وفعال رہے اور کامیاب و کامران ہوتے رہے، تاکہ زندگی کے میدان میں نئے آنے والوں کو اپنی راہیں متعین کرنے میں معاونت ہوتی رہے آمین ثم آمین یارب العالمین

☆☆☆☆

